تودے مین آسمان کی روزن بنا دیا
بر مین زرہ کو سونے کا جوشن بنا دیا
یارون نے سرخ گنبد مدفن بنا دیا
مسّی نے ہونٹ کو گل سوسن بنا دیا
صانع نے ایک حسن کا خرمن بنا دیا
نظارہ بازیون سے برہمن بنا دیا
گلریزیون سے بزم کو گلشن بنا دیا
منہ اوسکا ہمنے اسی بت پرفن بنا دیا
جیتے فلک کو گنبد مدفن بنا دیا

۵۴

مجمع ہوا یہ گھر مین مرے گل رخون کا نور
صحن مکان کو غیرت گلشن بنا دیا

۵

مشک کی بو جو کرے زلف پر پیرو پیدا
اے صنم دل مین ہو عشق بت مہر و پیدا
وار وہ تیغ نگہ کے جو لگائے پیہم

حلقے حلقے سے ہوا اک نافۂ آہو پیدا
کیا تماشا ہو جو کعبہ مین ہو ہندو پیدا
صاف رخت تن بسمل پہ ہوا تو پیدا

وہ حسین چہرۂ انور سے اوٹھائی جو نقاب
دون اوسے گوہر دندان پر پروین مثال
آفتاب فلک حسن کو نسبت کیا ہے
ہمسری زلف سے سنبل کو اگر ہے منظور
کمر یار کو دی تار رگ جان سے مثال
چہرے کے بالون مین جو افشان تو دم آرایش
روز میلاد یہ اللہ ملک کہتے تھے
موشگافی یہ رہی کا نمائش
تل بہٹا نا ہی کہ ہم انگیز سہر آئینہ پر
مر گیا گیسو و ابرو کے جو مین الفت مین
کنگہی کرنے مین اگر عکس پڑے بالون کا
پہر گیئی یار کی تصویر مری آنکہون مین
دامن رنگ گل کا نمینہ گر ہو گمان کلیون پر
رنگیا تھا غم کے ہاتہون سی کلیجہ شب کو
دل کو اوس چشم فسون ساز سی اللہ بچائے
یار کے دیدۂ محبوب نے مارا ہے مجھے
چشم نرگس مین ترا نور نظر آتا ہے
وہ جو ساحل پہ گیا قمری دل بہ کہنے لگا
جل بجہا سوز تپ غم سے دل پروانہ
دہیان پیری کا جوانی مین تمہین لازم ہی
وصل سے ای دل بیتاب ہے کیون نا امید

جلوۂ حسن خداداد ہو سر سو پیدا
آبداری گہر سے موتی کی جو آنسو پیدا
تجہسا عالم مین نہوگا کوئی مہرو پیدا
پیچ و خم تو وہ کری صورت گیسو پیدا
جب دم فکر ہوا کوئی نہ پہلو پیدا
سیکڑون ہون ابہی ظلمات مین جگنو پیدا
آج احمد کا ہوا قوت بازو پیدا
نہ ہوا پر کمر یار کا پہلو پیدا
اسلیے ہوتی ہے گردون پہ ترازو پیدا
سانپ کی ساتھ ہوے قبر مین بچہو پیدا
ہوا ابہی جوہر آئینۂ زانو پیدا
ماہ نو جو ہوا ہے صورت ابرو پیدا
پیرہن سے مرے یوسف کی ہوئی بو پیدا
درد ایسا ہوا دل مین بت مہرو پیدا
یہ وہ آنکہین ہین کہ جنسی ہوا جادو پیدا
خاک سے میرے نہ کیونکر ہو لجالو پیدا
باغ مین غنچہ و گل مین ہی تری بو پیدا
بعد مدت کے ہوا سرو لب جو پیدا
صورت شمع ہوا ایک نہ آنسو پیدا
کیا کبہی ہوگی نہ صبح شب گیسو پیدا
یار سے رسم ملاقات تو کر تو پیدا

یار سے نور غنیمت دعوی خوش چشمی ہے
ایسی آنکہین تو کرین نرگس و آہو پیدا

جز میرے غیر کا دل جانان مین گہر نہ تہا
کیا پوچہتے ہو حال شب ہجر اے حسین

خلوتکدہ مین اوسکے ہوا کا گذر نہ تہا
تہا یون ہی دل اگر تہا تو سینہ مین جگر نہ تہا

وحشت مین گو مجھے نہ سر و پا کا ہوش تھا
لیکن تمہاری حال سے مین بے خبر نہ تھا

بیوجہ بات بات پہ دیتی ہین گالیان
غصہ مزاج یار مین تو بیشتر نہ تھا

موسی نے شکل دیکھنے مین بحث کی عبث
جلوہ جمال یار کا اے دل کدہر نہ تھا

کرتا میان یار مین کیا موشگافیان
اللہ رے نازکی کہ نشان کمر نہ تھا

سنگ الم سے شیشۂ دل کیون نہ ٹوٹتے
آئینہ دیکھنا او نہین مد نظر نہ تھا

یوسف کی طرح کرتا کوئی کیا عزیز دل
لاکہون تھے عیب ایک بھی مجہہ مین ہنر نہ تھا

تھا چاندنی مین کیف سے لالہ گون کا لطف
یادش بخیر شب کو وہ رشک قمر نہ تھا

کیا تاب لاتا صدمۂ درد فراق کے
پتہر کا کچہ [illegible] کا تو اے دل جگر نہ تھا

کھل کھیلتا نہ رات کو کس طرح یار سے
صو [illegible] سکا بہی ڈر نہ تھا

موسی سے کرتا یار نہ کیون لن ترانیان
صورت دکہانا ہی او سے مد نظر نہ تھا

بیداغ تھا وہ چہرۂ پرنور شکل مہر
دہبا کلف کا چاند سے رخسار پر نہ تھا

خط بہیجتا مین اوس بت نوخط کو کس طرح
مجبور ہون شفیق کوئی نامہ بر نہ تھا

اچہا کیا جو سرو قدون سے کیا نہ عشق
کچہ بہی سواے داغ کے حاصل ثمر نہ تھا

شب وصل کے تو بادہ کشی مین بسر ہوئی
سامان کوئی عیش کا وقت سحر نہ تھا

ہر شب تہا سامنا مجھے ای جان موت کا
کب میرا حال ہجر مین نوع دگر نہ تھا

اے نور یان سے ساتھ مین لیجاون اور کیا
اعمال کے سوا کوئی زاد سفر نہ تھا

داغ فرقت برق کی صورت چمک کر رہ گیا
آگ کا شعلہ سا اک دلمین بہڑک کر رہ گیا

پرتو خال رخ پرنور شام زلف مین
کرمک شب تاب کی صورت چمک کر رہ گیا

کس نہال حسن کی آمد تہی جو گلزار مین
فرط شادی سے ہر اک غنچہ چٹک کر رہ گیا

زیست کی امید کسکو تہی کیا خالق نے فضل
درد دل مین ای بت مہرو چمک کر رہ گیا

یاد آ گئے صندلی رنگت جو مجکو یار کی
رات کو مین بیٹہون ہی سر پٹک کر رہ گیا

باغ مین اوس گل کی یاد آئی جو عارض لالہ
قطرۂ خون چشم بلبل سے ٹپک کر رہ گیا

شوق مین نظارۂ عارض کی تڑپا بیقرار
دم رگون سے کہنچ کے آنکہون مین اٹک کر رہ گیا

یاد اوس بحر لطافت کی جو آئی ہجر مین
بحر مین دل مچہلی کی صورت ہی پہڑک کر رہ گیا

کھینچے ہین آوازہ لا تو حدہ سی یار و سے مجھے
اوس بیدی نشال کے یہ حسن کی شہرت اور کئے

کچہ مری آنکھون مین کانٹا سا کھٹک کر رہگیا
آشیان مین طایر سدرہ بہڑک کے رہگیا

۵۷

نور عاشق ہی نہین محبہ سا زمانہ مین کوئی
جو حسین آیا نظر سبہی دل بہڑک کر رہگیا

16

اونکی دوری سے یہ اب حال ہمارا پہونچا
دم کی مہمان ہین پیغام اجل آ پہونچا

پاس ایمان نرہا عشق بت مہرو مین
مین جو کعبہ سے پہر اسوی کلیسا پہونچا

خط جو قاصد کو دیا تاب نہ آئے دل کو
مین ادہر دوڑا ادہر یار کو نامہ پہونچا

تصفیہ قضیۂ الفت کا مناسب ہے نہین
ہوگے رسوا جو عدالت مین یہ جہگڑا پہونچا

پڑھکی مضمون غم انگیز پہر آگے آنسو
اونکی خدمت مین عریضہ جو ہمارا پہونچا

لہر اوس بحر لطافت کی جو آئی دل مین
صورت موج روان جانب دریا پہونچا

ہم یہ سمجھے ہمین پہل ہاتہ لگا طوبی کا
ہاتہ پستان صنم تک جو ہمارا پہونچا

کمر یار کا نازک تہا نہایت مضمون
ذہن مطلق نہ دم فکر ہمارا پہونچا

قاصد یار کو مین اپنا ہمیں سمجہا
وحی سمجہا جو مرے پاس نوشتا پہونچا

حال بیتابی دل خط مین جو مین نے لکہا
دست محبوب مین اوڑ کر مرا نامہ پہونچا

وہ جو پہلو سے اوٹھ گئی مری دم پر
درد دل ہونے لگا روح کو صدمہ پہونچا

قدسیون نے بہی جگر تہام لیا ہاتہون سے
شور نالہ کا جو تا عالم بالا پہونچا

دیکہنا ناوک آہ دل مظلوم کا توڑ
توڑ کر سقف فلک عرش پہ نالا پہونچا

حورین آئین ترے کشتہ کی زیارت کی لیے
کربلا مین جو پئے دفن جنازا پہونچا

جوش الفت سے وہ روتی ہوی درتک آئی
زیر دیوار جو عاشق کا جنازا پہونچا

۵۸

زور سے ہاتہ جو کہینچا تو بگڑ کر بولے
چہوڑ دو نور کہ دکہنے لگا میرا پہونچا

19

سوائے ہجر میسر نہ وصل یار ہوا
نہ چین بعد فنا بہی تہ مزار ہوا
تپ فراق سے گھل کر یہ جسم زار ہوا
شہید جو ہر تیغ نگاہ یار ہوا

ہمارا عشق کا قصہ بہی یادگار ہوا
کہ بعد پرسش اعمال کے فشار ہوا
کہ رونگٹا بہی نقاہت سی تن پہ بار ہوا
لڑی جو آنکہ تو خنجر جگر کے پار ہوا

برنگ بلبل شیدا فداے یار ہوا — ہزار شکر کہ صیاد بھی شکار ہوا
برنگ دامن گل جیب کی کیے پرزے — جنون ہوا مجھے جب موسم بہار ہوا
ہوا یہ وہم جنازہ ہے جاپ کے کاندھے — جو پالکی مین کسے روز مین سوار ہوا
وہ پھر فاتحہ جو ساتھ غیر کے آئے — کمال روح کو صدمہ تہ مزار ہوا
ہزار غیر نے بھڑکایا شعلہ رویون کو — مگر کسیکی نہ کہنے کا اعتبار ہوا
لگی رہے تپ فرقت سے تن بدن مین آگ — کبھی نہ شیر کی صورت سے کم بخار ہوا
بہار مین بھی یہ ارمان رہگیا دل مین — گلون کا ہاتھ نہ میرے گلے کا ہار ہوا
تڑپ تڑپ کے سحر کی فراق جانان مین — عجیب حال ہوا دل جو بیقرار ہوا
بگڑ بگڑ کے لگے گالیان سے مجھے دینے — سوال بوسۂ لب سخت ناگوار ہوا
پلک جو ناز سے جھپکائی اوس پری رو نے — بس ایک تیر ادا تہا کہ دل کے پار ہوا
سیاہ نامۂ اعمال تھا جو عصیان سے — خدا کے سامنے کیسا مین شرمسار ہوا
شریک حال مصیبت مین کون کسکا ہے — سوائے غم کے نہ کوئی رفیق و یار ہوا
بنائے بال جو اوسنے تو مرغ دل میرا — اسیر حلقۂ گیسوے مشکبار ہوا
کبھی رقیب کو آنے نہ دیتی چوکھٹ تک — تمہارے گھر پہ ہمارا نہ اختیار ہوا

۹

لپٹ لپٹ کے مین ای نور رحیم سے سوتا
نہ حیف آج کی شب بھی وہ ہمکنار ہوا

۲۴

درد تپ فراق کی حاصل بیان ہی کیا — کیا جانئے کہ رنج مین سکتے زبان ہی کیا
منہ سے مری نکلتی ہین شعلے جو آہ کے — دل جل رہا ہے آتش ہجر تپان ہی کیا
اوناکے بوجھہ بار سے اسکو واسطہ — بار زمین اوٹھے گا بھلا آسمان ہی کیا
مین زندگی مین نذر سگ یار کر چکا — زاغ و زغن کو کام مرے استخوان ہی کیا
انکار پھر وہی ہی وہی پھر رکھائیان — کچھ یاد ہے تمہین کہ کہا تھا زبان ہی کیا
کہتے ہو سنیگے قصۂ درد فراق کو — کچھ ذکر اور کیجیے اس داستان ہی کیا
زیبا نہین ہین اتنے تلون مزاجیان — کل کیا کہا تھا آج ہو کہتے زبان ہی کیا
صیاد عندلیب کو آنے دے باغ مین — لیجائیگی بہار چمن بوستان ہی کیا
جب تک ہی حسن اوج پہ پھر کا ہوا ہے دم — مطلب بہار سے ہی غرض ہی خزان ہی کیا

جو دل مین تھا وہ آپ کے منہ سے نکل گیا
ثابت ہوا حضور کے طرز بیان سے گیا

دل ہی نہ رہے اوٹھاتا ہے درد فراق تھکے
صدمہ ہے جو کہ روح پہ کیسے زبان سے گیا

ظاہر ہے جو کہ حال ہے میرا فراق مین
حاصل طپیدگی جگر کے بیان سے گیا

شادی و غم قفس کی اسیرون کو ایک ہے
صیاد بلبلون کو بہار و خزان سے گیا

موے کمر کو تار شعاعی سے دی مثال
پیدا کیا ہے ذہن نے مضمون کہان سی گیا

شب بہر فراق یار مین گھڑیان گنا کیا
وحشت ہوئی ہے رات کو خالی مکان سی گیا

پیستے ہین آسیا کی طرح فکر رزق مین
اسکی نہین خبر کہ ملے گا کہان سے گیا

دنیا ہی ترک کی تو کہان کی تلاش ہین
دریا دلون کو تشنہ و آب روان سے گیا

ای دل بہت جرس کی صدا دردناک ہے
یوسف بچھڑ گیا ہے کوئی کاروان سے گیا

غم جو زیان سکوت تحمل فروتنے
جو ہیر سے ہوا ہے وہ ہوگا بیان سے گیا

لگتی ہے دن کو آنکھ نہ سوتا ہون رات کو
دیکھون جواب لاتا ہے قاصد وہان سی گیا

گردون سے کیا مین شکوۂ جور و ستم کرون
جز داغ کے ملے گا بھلا آسمان سے گیا

(۶۰) کافی ہے نور تحفۂ داغ فراق یار
لیجائین سوی ملک عدم اور یہان سی کیا (۱۱)

سب ملتے ہین ایسا کوئی کامل نہین ملتا
دل اونکا مسخر ہو وہ عامل نہین ملتا

سمجھانے سے بھی وہ بت جاہل نہین ملتا
اللہ رے رکاوٹ کہ ذرا دل نہین ملتا

معشوق کوئی عدہ شمائل نہین ملتا
مین ڈہونڈہتا ہون جسکو وہ ایدل نہین ملتا

کیا گیسوی محبوب کے پر پیچ ہین راہین
سالک کو بھی یان جادۂ منزل نہین ملتا

وہیان اسکا رہی غرق محبت مین نہ آئے
رک جاتا ہی ایجان تو پھر دل نہین ملتا

دریاے محبت کا ہے وہ پاٹ کہ ای دل
بیڑا کسی کو بھی دامن ساحل نہین ملتا

سر شوق شہادت مین مجھے بار گران ہے
ای واے مقدر کوئی قاتل نہین ملتا

ڈہیرا جو مجھے راہ حقیقت کا بتادے
ایسا تو کوئی سالک منزل نہین ملتا

عاشق کی او نہین بات بہی گالی سی زیادہ
بے لطفیان رہتی ہین جہان دل نہین ملتا

قربان کہ عالم مین ہون مشتاق شہادت
کیون میرے گلے خنجر قاتل نہین ملتا

(۶۱) مین نقد دل ای نور حوالی کرون کس کے
کوئی بھی حسین اونکی مقابل نہین ملتا (۱۶)

خدا آہِ دلِ مظلوم مین اتنا اثر دیگا
یہ کیا معلوم تہا داغ جدائی وہ قمر دیگا
ملا کر منہ سے منہ بوسہ جو شب کو وہ قمر دیگا
رہ باریک مین کیا کام ہی نازک خیالی کا
خدا کا خاص بندہ ہوگا یکتائی مین ایسا ہی
جہان ہوگا وہ سبزہ رو وہین اوڑ کی پہونچیگا
تمہارا حال پوشیدہ نہین رہتی کا عاشق سے
صفائی باطنی پیدا تو کرسے چاندکی صورت
خدا کے سامنے شادی وغم دونون برابر ہین
شروع سال سے قبضہ کو نہ گا روی گلگون پر
بہار گل کے آنے کی خبر گر کان تک پہونچی
کسی پہلو نہ چین آئیگا مجکو مین وہ بسمل ہون
دکہا کر عارض گلگون چمن مین صورت بلبل
شب وصلت نظر وقت سحی اگر مین او کو جہر کا
خبر کیا تہی ہزارون سختیان جہیلون گا وقت ہجے

یتون کی دلمین گہر یہ تیر بے آواز کر دیگا
خوشی شب بہر رہیگا رنج ہنگام سحر دیگا
دعائین سیکڑون خوش ہو کی عاشق رات بہر دیگا
نزاکت بہی وہی دیگا جو اوس گل کو کمر دیگا
فقیر مست کا کاسہ ہی وحدت سی بہر دیگا
زمرد کی خدا شانون کی بدلی مجکو پر دیگا
ہمارا ایک دل ہر وقت کی ہمکو خبر دیگا
خدا رہنے کو ای دل صورت آئینہ گہر دیگا
اگر لالہ کو دیگا داغ تو گل کو وہ زر دیگا
اجاری مین گل باغ جوانی وہ ثمر دیگا
قفس مین دم پہڑک کر بلبل بے بال و پر دیگا
بہت تکلیف ہجر یار مین درد جگر دیگا
ہمارا دامن نظارہ پہولون سے وہ بہر دیگا
اوٹہا کر ہاتہ لاکہون کو سینے وہ رات بہر دیگا
خدا الفت بتان سنگدل کی دل مین بہر دیگا

نہی ہین شعر وصف سلک دندان مین نئی ہین کر
کوئی تو قدر دان منہ موتیون سی نور بہر دیگا

سدا از لفِ جانان پہ مائل رہا
وہ خود حسن پر اپنے مائل رہا
دل ابروے جانان پہ مائل رہا
مین مدہوش وہ مست ناز و ادا
رہے لاکہ غمزے وہ ہوتا ہے کیا
یہ کیسی ہوا باغ مین چل گئے
لپٹ کر وہ سویا کیے رات بہر
ہزارون اوٹہا مین گے ظلم و ستم

اسیر بلا طائر دل لیا
ہر آئینہ رخ کے مقابل رہا
سدا کشتہ تیغ قاتل رہا
عجب رات بہر رنگ محفل رہا
جو آگے تہا اب وہ نہین دل رہا
نہ بلبل نہ گل کو نئے اے دل رہا
مرا مدعا مجکو حاصل رہا
بغل مین سلامت اگر دل رہا

وہ مجنون ہون لیلے کا چھوڑا نہ ساتھ
زمانے کے بُت دشمنِ جان رہے
کُھلے وہ نہ مجھسے شبِ وصل بھی
نہ ہون گا تمہارا تھے نام مین
ہوئی روز جلسون مین اپنی بسر
عدو شکل پروانہ جل جل گئے
فزون ہونگی بیتابیان دمبدم
صفائی کی صورت نہ پیدا ہوئے
نہ پنے مانگے گل کی طرح زر ملا
تڑپ کر سحر ہجر کی شب ہوئی
قمر کی طرح داغ روشن رہے
دم نزع جب تک کہ نکلا نہ دم
مرا ہاتہ گردن مین کل رات بھر
اوڑھے جوگ ایسی شب ہجر مین

مرا دل جلو دارِ محمل رہا
خدا کا اگر فضل شامل رہا
غضب پردۂ شرم حائل رہا
مریجا بن قابو مین گر دل رہا
حسینون کی صحبت مین شامل رہا
جو شمع رو گرم محفل رہا
جو پہلو مین میرے مرا دل رہا
مکدر ہے آئینۂ دل رہا
ہمیشہ تہیدست سائل رہا
غضب پر غضب مجھپہ نازل رہا
ضیا بخش رخسار کا تل رہا
مجھے شوق دیدار قاتل رہا
برنگ مہ نو حمائل رہا
مین ہاتھون سے تھامے ہوے دل رہا

٦٣

کرین نور الفت حسینون سے کیا
نہ وہ دن رہے اب نہ وہ دل رہا

٢٩

مے کشی کی مین جو ساقی سے اجازت مانگتا
مانگتا بھی مین خدا سے تو یہ دولت مانگتا
ہو رہی ہین وان نئی پوشاک کی تیاریان
بلغ مین آمد جو ہوتی اوس نہال حسن کی
دولت حسن صنم کی آگے زر کیا مال ہے
دل مین رہجاتی نہ حسرت دید کی ہنگام قتل
برخلاف ایسا ہی مجھسے اندنون جلاد چرخ
نامہ بر لاتا تو لکھا اگر مرے خط کا جواب
سر اوٹھانا خاکسارونکے لیے زیبا نہین

طائر ہوش و خرد اوڑنے کی طاقت مانگتا
اک حسین لاجواب و خوبصورت مانگتا
قطع کرنے کو ہے یان غسال خلعت مانگتا
ہاتہ اوٹھا کر ہر شجر پھولونکا خلعت مانگتا
کیون خدا سے صورت قارون مین دولت مانگتا
ایکدم کی اور اگر قاتل سے مہلت مانگتا
خون برستا مین اگر باران رحمت مانگتا
نقد جان دیتا اگر مجھسے وہ اجرت مانگتا
کیا خدا سے آسمان کی شکل رفعت مانگتا

لطف میخواری اگر منظور ہوتا یار کو — مے وہ دیتا مین دعائی ابر رحمت مانگتا
آگ کے انگاری گرتے بن کی ژالہ چرخ سے — گر زراعت کے لیے باران رحمت مانگتا
خشک روٹی سیر کر دیتی ہی جب لگتی ہے بہوک — یار کی خوان کرم سے کیون مین نعمت مانگتا
ہمت حاتم سے ای دل اپنی ہمت کم نہین — لاکہون دیدیتا اگر وہ بہر طلعت مانگتا
مکتفی تہا اک پریرو کا تصور قبر مین — بعد مردن کیون خدا سے حور جنت مانگتا
ہاتہ اوٹہ جاتا جو نشہ مین مرا سوی فلک — بہر دختر رز دعائی حفظ حرمت مانگتا
مست مجہسا بہی کوئی اس دور مین باقی نہین — مین وہ ہون دست سبو ہی مجہسے بیعت مانگتا
آج بوسے کو ادہار کہتا جو فردا پر وہ شوخ — جان گو جاتی نہ مین پہر تا قیامت مانگتا
واعظون کی ان دنون کون سی مجہی ہوتی نجات — دست ساقی سے اگر جام شہادت مانگتا

۶۴

آسمان پر خاک اوڑتی خوبی قسمت سی نور
آبرو کہوتا اگر باران رحمت مانگتا

۱۷

کہس دل مین مقام ای بت خود سر نہ نکالا — کب ڈہونڈ کے عاشق نے ترا گہر نہ نکالا
سر خم ہے مرا سیان سے خنجر نہ نکالا — کیون حوصلہ اسے ترک ستمگر نہ نکالا
تا فصل خزان حسرت دید رخ گل مین — بلبل نے قدم باغ سے باہر نہ نکالا
دہہیا نہ لگا خون شہیدان جفا کا — تیغ نگہ یار نے جوہر نہ نکالا
دیکہون گا نہ منہ پہر دل صد چاک کا اپنے — بل تیرا جو اسے زلف معنبر نہ نکالا
ای بلبل دل فصل بہاری کے ہے آمد — اب تک کوئی کلیون کی سوا پر نہ نکالا
سو یا کیے آرام سے ہم کنج لحد مین — بے حشر ہوئے تکیہ سے بستر نہ نکالا
بیٹھے تو نہ پہر کوچہ محبوب سے اوٹھی — پاؤن در فردوس کی باہر نہ نکالا
صیاد نے گلشن مین ہوا کہانے کی خاطر — دم بہر قفس بلبل سے مجہے پر نہ نکالا
بے تیغ کے عشاق کی سر لوٹتی پہرتے — یون رقص مین ہاتہ ای بت خود سر نہ نکالا
اللہ ری خلش فصد جو فصاد نے کہولی — دم بہر رگ جان سے مرے نشتر نہ نکالا
کوسا نہین کس روز مجہی ہاتہ اوٹہا کے — مر دا مرا کب ای بت خود سر نہ نکالا
جب دیکہتی ہو مجکو چڑہا لیتے ہو تیوری — یون غیض سے اشیار پہ خنجر نہ نکالا
کشتہ مجہے قاتل نے کیا ناز و ادا سے — تا وار نہ کہینچی کبہی خنجر نہ نکالا

تازہ کوئی مضمون لب رنگین صنم کا — اے طبع رسا لعل سے بڑھکر نہ نکالا
پہلو مین گھڑی بھر بھی کبھی آکے نہ بیٹھے — ارمان دل عاشق مضطر نہ نکالا

٦٥ — ١٢

اے نور نظر چاند سے لگ جائے نہ آنکھیں
اسواسطے شب کو کبھی باھر نہ نکالا

نہین پروا ہزار اے گل عدو ہو باغبان اپنا — بہار آنے تو دو ہوگا چمن مین آشیان اپنا
مبارکباد کی جو چرخ سے آواز آتی ہے — الٰہی کون مہرو شب کو ہوگا میہمان اپنا
بہار گل مین اے صیاد کیون اسکو ستاتا ہے — کہان لیجائے بلبل باغ سے اب آشیان اپنا
سنا ہے شام سے وہ ماہ طلعت آج آئیگا — بنیگا برج خورشید فلک شب کو مکان اپنا
ہم اس عمر دو روزہ پر بھلا کیا فخر کرتے ہین — کہ مٹ جائیگا بعد مرگ سب نام و نشان اپنا
ہوائی باغ راس آئی گی ہمکو ہم وہ بلبل ہین — بہار گل مین شاخ گل پہ ہوگا آشیان اپنا
مثل مشہور ہے دل کی لگی مشکل سے بجھتی ہے — جلے کیونکر نہ سوز عشق سے ہر استخوان اپنا
وہ بلبل سوختہ قسمت ہین ہم گلزار عالم مین — بھڑک کر آتش گل نے جلایا آشیان اپنا
ادہر گلچین کا اندیشہ اودہر صیاد کا ڈر کا — بنائے باغ مین کیا خاک بلبل آشیان اپنا
خیال گل مین شبنم کی طرح آنسو بہاتا ہون — بھر آتا ہے دل خالی جو پاتا ہون مکان اپنا
وہ کہتے ہین کرو کچھ اور باتین نیند اوڑتی ہے — کسی شب کو جو حال دل مین کرتا ہون بیان اپنا

٦٦ — ٢١

ہزارون بوسے لین گی رات دن رخسار گلگون کی
سواہی بعد مدت نور وہ جان جہان اپنا

یاد وحشت مین جو آئی یار کی تنویر پا — چاند کا ہالہ بنی ہر حلقۂ زنجیر پا
مہندی ملکر اوسنے منت کی جو پہنی بیڑیان — عکس رنگین پا سے سونے کی بنی زنجیر پا
رکھہ کے سرکو میرے زانو پر وہ سویا رات بھر — شکر صد وصل کی شب مین کھلے تقدیر پا
ہاتہ جو مین نے لگایا کوچے کا ٹی یار نے — واہ رے برگشتگی ثابت ہوئی تقصیر پا
ہتکڑی بیڑی جو پہناتی ہین وحشت مین مجھی — کیا خطا ثابت ہوئی ہاتھون کی کیا تقصیر پا
شکل مجنون پاؤن پکڑے ہین زمین نجد نے — دامن وحشت ہی ان روزون گریبان گیر پا
وادی پر خار مین ہر پھر کے رکھتا ہون قدم — عالم وحشت مین خارستان ہے جاگیر پا
فصل گل وحشت مین اپنی دم قدم کی سایہ ہے — ہے حمین مہندی کا جوہر جو ہر زنجیر پا

نکہ ہے وحشت مین بہی زراق کو زروق کی
خانۂ زندان مین ہی اپنی قدم سے روشنی
ہاتہ کو چاک گریبان پاؤن کو جنگل کی فکر
داغ کہایا چاند نے اللہ ری تلوون کا فروغ
میرے تلوون کو گل بالین بہی کانٹے بن گئے
بت پرستون کی طرح زاہد نے بہی مسجد ہی کہی
پاؤن رکہنے کی اجازت شیخ پر دی یار نی
باغ مین وہ گل ہوا جسدم خرامان ناز سی
دیکہکر نقش قدم آگی نہین بڑہتی ہین پاؤن
محو ایسے تہے خبر تک بہی نہ سجدی مین ہوئی
آبلون سے کی سر ہر خار نی پیدا خلش
سر قدم سے ضعف کے باعث اوٹہا سکتا نہین

رزق کی منت ہے ہر اک دانۂ زنجیر پا
کوکب بخت سیہ ہے دانۂ زنجیر پا
کچہ علاج دست وحشت کیجی کچہ تدبیر پا
آفتاب روز افزون بن گئے تنویر پا
پہر گئی کیسے فراق یار مین تقدیر پا
دیکہکر تہہرے یہ میری یار کی تصویر پا
ای خوشا تقدیر عاشق ای زہی تقدیر پا
آنکہین نرگس نی بچہائین دیکہنا توقیر پا
ہی نشان پای جانان نسخۂ تسخیر پا
ہچکیون سی کہینچکر کسنے نکالا تیر پا
عالم وحشت مین یہ مجکو ملی تعزیر پا
طوق گردن بن گیا ہی حلقۂ زنجیر پا

۶۷ — ۱۷

نور ربدت سے ہی ہم سودہ زدون کی آرزو
عالم وحشت مین ہو زلف صنم زنجیر پا

اوس حسن کی لائیگا بہلا تاب نظر کیا
مژگان کیطرح آنکہہ جو عاشق سی بہری ہی
سایا سر گیسو کا نزاکت سی گران تہی
ہم خاک نشینون کو جو برباد کریگا
دے پرتو تار نگہہ یار سے تشبیہ
دنیا کے بد و نیک سے آگاہ نہین ہین
رہ رہ کے بس اک ہوک سی اوٹہتی ہی جو دل مین
بے جرم ترا چہرہ ہے وہ چہرہ داغی
اللہ ری شب وصل مین گہر جانی کی جلدی
خالی نہین جاتی کی مرے نالۂ دلکش
اسے پیر مغان لطف جوانی ہی مین سب تہا

ٹھہرے گی رخ مہر منور پہ نظر کیا
کیا جانیے ہی یار کو منظور نظر کیا
چوٹی کا اوٹھائی گی بہلا بوجھہ کمر کیا
ہاتہ آئیگا تیرے مجھے فلک شعبدہ گر کیا
نازک مرے ہاتہ آیا ہی مضمون کمر کیا
کمسن ہین ابہی اونکو زمانی کی خبر کیا
چہوڑے گا نہ بی جان لیے درد جگر کیا
رخ سے ترے ای مہر مقابل ہو قمر کیا
ہر بار وہ کہتے ہین کہ سمجہتا ہے مگر کیا
آہ دل مظلوم کا ہوگا نہ اثر کیا
اب بادہ پرستی مین کرین عمر بسر کیا

کیون نہ شمع رخ یار سے ہم لو نہ لگائین
پروانہ جانسوز کو جلنے کا خطر کیا

تبر ڈھکا ہے کہین عمر خضر سے بہی درازی
ہو گی شب فرقت کی الٰہی نہ سحر کیا

اے غافلو توبہ کرو اعمال زبون سے
ہمراہ لیے جاتے ہو یہ زاد سفر کیا

ہین شوق سے تیغ نگہ یار کے بوسے
جب کہیل گئے جان پہ پھر مرنے کا ڈر کیا

غنچون کو نہین ہے دہن یار سے نسبت
آگے رخ گلگون کی ہی اصل گل تر کیا

۶۸ — مفلس کے لیے کوچ مقام ایک ہین دونون
ہم خاک نشین نور کرین عمر بسر کیا — ۱۹

آج کیا بند نقاب روی زیبا کھل گیا
دفعتہً جو آسمان پر ابر آیا کھل گیا

بیچ ہیوٹی کا جو آپ ہی آپ جانا کھل گیا
یہ شگون نیک ہے سمجھو نصیبا کھل گیا

آب پیکان کمان ابرو جو یاد آئی مجھے
صورت سوفار سینہ زخم جگر کا کھل گیا

سادگی سے اور ہی کچھ یار کی صورت ہوئی
بہانہ بن کر جب اوتاری سب لفافا کھل گیا

ہمسری اونکے دہان تنگ سے منظور ہے
ہنکویہ غنچے کے دل کا آج عقدہ کھل گیا

شل ہوئے قیس غش کہا کر زمین پر گر پڑا
جب ہوا سے محمل لیلے کا پردا کھل گیا

لاکھہ تم باتین بناؤ اس سے اب ہوتا ہی کیا
جو تمہین منظور ہے مجہپر وہ جانا کھل گیا

دونون ہاتھون سے مین دل اپنا مسل کر رہ گیا
جب دوپٹہ اوڑھنی مین پیٹ اونکا کھل گیا

آج پیشانی کے اوسنے بوسے پر بوسے دیے
اختر اقبال کیا ہمکا نصیبا کھل گیا

اشک آنکھون مین جو اُمڈے پہر روکے نہ رکے
لاکھہ اس دریا کو باندھا پر یہ دریا کھل گیا

خون مجنون کے سر ہر خار پر دیکھی بہار
عالم وحشت مین حال رنگ صحرا کھل گیا

ہو سکا افسوس نہ میرے درد دل کا کچھ علاج
جب پڑے بیمار سب حال اطبا کھل گیا

چاندسی صورت کی لوٹی خوب آنکھون نے مزی
اک ذرا اونکی جو دروازہ کا پردا کھل گیا

ہمدم مون شمشیر قاتل کی صفائی دیکھنا
ایک ہی ضربت مین سینہ دل کلیجا کھل گیا

درد کا مین نے کیا حیلہ جو وہ اوٹھکر چلے
ہنسکے بولے جھوٹ ہی فقرا تمہارا کھل گیا

یہ جنبش سے اونکا چہرہ یاسمن زا ہو گیا
وہ جوانی پر جو آئے رنگ کیسا کھل گیا

کشتہ گیسو کی زخمون کی جو کہولین پٹیان
صاف مین سمجھا کسی جا مشک نافا کھل گیا

اوس بت کم سن سے کیا بند شین باندہی گئین
مینہ مجنون کا شب کو بی کھولی جو ڈورا کھل گیا

ہوگیا سورج گہن کا نور عالم کو یقین
جب نہانے مین رخ انور پہ جوڑا کھل گیا

انقلاب فلک سفلہ سے دیکھا کیا کیا
تہ و بالا نظر آیا یہ ہنڈولا کیا کیا

شرۂ تر نے دکھایا ہے تماشا کیا کیا
میلے چھڑیون کے ہوے ہین لب دریا کیا کیا

رنگ گرگٹ کے روش سے ہی بدلتا کیا کیا
روز بہروپ دکھاتا ہے زمانا کیا کیا

تم جو گھر اوٹھ کے گئے اپنی تو مچھلی کیطرح
ہجر مین تڑپا ہے دل عاشق شیدا کیا کیا

مجھکو کیا آپ زمانے مین وہ ہونگے بدنام
وہ جو کہتے ہین کرونگا تجھے رسوا کیا کیا

قطعہ

منعمون سے دم رحلت کوئی اتنا پوچھے
تمکو اس دولت دنیا پہ تھا غرّا کیا کیا

جان و دل سے بھی سوا مال کو کہتے تھے عزیز
لیچلے ساتھ تم اسے مردم دنیا کیا کیا

کس خرابی سے کٹی ہی شب تار فرقت
دم مرا زلف کے مانند ہے اولجھا کیا کیا

ساقی ہوش ربا نے جو دیا غیر کو جام
ایک پیمانے مین کمظرف ہے بہکا کیا کیا

عکس پستان جو پڑا بحر مین دم بھر کیلیے
ماہی اوبھرے ہین حباب لب دریا کیا کیا

کس سے پڑھواؤن مین اپنا یہ خط پیشانی
نہین معلوم مقدر مین ہے لکھا کیا کیا

اوس مہ حسن نے افشان جو چنی ماتھی پر
شب کو چمکا ہے مقدر کا ستارا کیا کیا

کل جو تھے تخت نشین آج ہین وہ خاک نشین
نور آنکھون نے دکھایا ہے تماشا کیا کیا

کیا حال پوچھتے ہو ہر وقت کی جلن کا
پروانہ ہون ازل سے اک شمع انجمن کا

دست جنون کو سودا ہے چاک پیرہن کا
رہتا ہے ہوش کسکو وحشت مین تن بدن کا

دیکھا جو روے سیمین اس میری گلبدن کا
رنگ اور گیا چمن مین نسرین و نسترن کا

کون اوٹھ گیا ہی یارب یہان کیون ہی مجلس
بدلا ہوا ہے نقشہ کچھ آج اس چمن کا

سوز [illegible] کی لذت دلسوز جانتے ہین
پروانون کی زبان پر ہی ذائقہ جلن کا

مین بہر سیر گلشن کیا ئی گلونگی جاؤن
نشتر ہے رگ جان ہر خار ہی چمن کا

وحشت کا فصل گل مین ہاتھون کو ہی اشارا
باقی نہ رہنے پائے اک تار پیرہن کا

ہے تار تار اپنا گل کی طرح گریبان
سودا ہے جب سے انکی گیسوی پرشکن کا

بکھری ہوے جو دیکھی چوٹی کے بال منہ پر
کھایا برہمنون نے دھوکا سرب گہن کا

جوش جنون مین مجکو کپڑی ہین کاٹی کہانی
گویا دہان اژدر ہے چاک پیرہن کا

آنسو جو موتیا سے مژگان پہ جم رہی ہین
پہولون مین تل رہا ہی کانٹا مری چمن کا

انجام کے بہی غافل لازم ہے فکر تجہکو
تکیہ رہے ہمیشہ سبز کی تلی کفن کا

سامان مرگ اے دل پہر جاتا ہے نظر مین
سنتا ہون نام جب مین غسال و گورکن کا

اقبالمند مجہسا کوئی نہین جہان مین
مرنے کے بعد مجکو خلعت ملا کفن کا

ملبوس یار مین یہ خوشبو ہی بہینی بہینی
دہوکا ہوا ہے اکثر یوسف کے پیرہن کا

اوٹہا جو اب نالہ کرتا ہے یاد گل مین
دل داغدار گویا طاؤس ہے چمن کا

سودائیون کو ای دل زیبا ہے عور رہنا
ہی تن پہ بار خاطر ہی تار پیرہن کا

خاموش بیٹھنے سے ثابت ہی بی دہانی
وہ ہمکلام ہون تو عقدہ کہلے دہن کا

ڈوری کا آنکہ کے ہے دوش صنم پہ سایا
تار نگہ بنا ہے زنار برہمن کا

۱۷ — کس سے طلب کرون مین داد سخن جہان مین
ہے کون قدردان اب ای نور اہل فن کا — ۱۶

کب جنون مین مائل چاک گریبان مین نہ تھا
کب پریشان صورت زلف پریشان مین نہ تھا

کون کہتا ہے فدائی روی تابان مین نہ تھا
کب چکورونکی طرح اوس مہ پہ قربان مین نہ تھا

لوٹتا مین بہی مزے جام مئے گلرنگ کے
حیف ہے شب کو شریک بزم جانان مین نہ تھا

طالب دیدار کیونکر نہ دکھلاتے وہ شکل
عذر کیون کرتے وہ کچہ موسی عمران مین نہ تھا

کیون اوڑا کر ای صبا ہٹی مری برباد کے
خاک پائے یار تھا گرد بیابان مین نہ تھا

کسطرح دیتے وہ بوسہ روی سیمین کا مجہے
طالب مہر و وفا تھا زر کا خواہان مین نہ تھا

آشنا لب صورت بلبل رہی فریاد سے
کونسی شب تھی جو ہجر گل مین نالان مین نہ تھا

کیون ہوا ناخوش جو بوسہ مصحف رخ کا لیا
کوئی اوس کافر سے پوچہے کیا مسلمان مین نہ تھا

ایک فقرے مین اولٹ دیتا وہ چہری سی نقاب
شکل موسے طالب دیدار جانان مین نہ تھا

داغ بر دل صورت لالہ تہا ہجر گل کے لیے
تجہہ وارفتہ اگر اے ماہتابان مین نہ تھا

عشق مجکو بہی کوئین جہکو اتا یوسف کیطرح
شکر بند عاشق چاہ زنخدان مین نہ تھا

جان دی اپنی پتنگون نی بہی تیری عشق مین
ایک پروانہ جدا سے شمع شبستان مین نہ تھا

شکل دکہلانے مین غمزے یار کو زیبا نہ تھی
طالب دیدار تھا موسی عمران مین نہ تھا

قطعہ اسے دل کب ہوا جوش جنون کا سلسلہ
کب اسیر حلقہ گیسوے پیچان مین نہ تھا
ابر تھا ٹھنڈی ہوا تھی بادۂ گلرنگ تھا
خدمت جانان مین حاضر اک نفس ہان مین نہ تھا

۱۱
دیکھکر اوس غیرت یوسف کی صورت چاند سی
آئینہ کی شکل کب اسے نور حیران مین نہ تھا

ردیف با

کیا رفیع المرتبہ ہے آستان بوتراب
لامکان کہتی ہین جسکو ہی مکان بوتراب

بیت کعبہ جانکر کیونکر نہ مین سجدہ کرون
ہین ملائک جبہہ سائے آستان بوتراب

رنج وفاقہ مین ہمیشہ صابر وشاکر رہے
کر چکا معبود کیا کیا امتحان بوتراب

فرق کچھ اسمین نہین لاریب دونون ایک ہین
جسم وجان مصطفی ہی جسم وجان بوتراب

ظاہری معراج انکو باطنی اونکو ہوئے
ایک ہے شان پیمبر اور شان بوتراب

کیا ہملا اتنا جو وصف مرتضی ہم کر سکین
جب سر منبر نبی ہون مدح خوان بوتراب

حق نے بخشا ہے رسولان سلف پر بھی شرف
افتخار انبیا ہے خاندان بوتراب

باب خیبر کو اوکھاڑ اکاٹے پر جبرئیل کے
کیا برش تھی اور کیا تاب وتوان بوتراب

بلبل کی صورت ٹھمک جاتی تھی محفل نطق سے
غنچہ گل سے زیادہ تھا دہان بوتراب

کربلا مین تین دن پایا نہ قطرہ آب کا
دہوپ مین مرجھا گئی تھی گلرخان بوتراب

۷۳
قتل گہ مین ہوگیا افسوس تاراج خزان
۱۳
نور کیا پھولا پھلا تھا بوستان بوتراب

ہے کعبۂ دل برائے محبوب
ہے گھر مین خدا کی جائے محبوب

کیا حسن ہے کیا لقائے محبوب
ہے حور و پری فدائے محبوب

سونے کا ڈلا ہو کیون نہ پاپوش
اکسیر ہے خاک پائے محبوب

پتھر تو نہین ہون آدمی ہون
کب تک مین سہون جفائے محبوب

ہے قلزم عشق سے قیامت
کہتے ہین یہ آشنائے محبوب

دیکھا جو اگر بتون کے جانب
اندھا کردے خدائے محبوب

جب تک زندہ ہے ساتھ دینا
اے عاشق باوفائے محبوب

دم ہے اوسپر پھڑک رہا ہے
سو جان سے ہون فدائی محبوب

اللہ رے فیض دولت حسن
فغفور ہے گدائے محبوب

شرمندہ شفق جمیل ہے سر جان / خوش رنگ ہے کیا حنائے محبوب
وہ حسن مین حور ہے پری ہے / کس منہ سے کرون ثنائے محبوب
آنکھون کو نصیب دید رخ ہو / ہر کان سنے صدائے محبوب
۷ ای فوز روہ عین مصلحت ہے / جس بات مین ہو رضائے محبوب ۹

رہتا ہون مین مدام طلبگار آفتاب / دکھلا دے ساقیا مجھے دیدار آفتاب
اللہ رے حسن یار ٹھہرتی نہین نگاہ / ہے مثل برق جلوۂ رخسار آفتاب
اس خاکسار کی یہی خالق سے ہے دعا / ذرہ کو بھی نصیب ہو دیدار آفتاب
وہ رشک ماہتاب اگر بے نقاب ہو / ہو جائے سرد گرمی بازار آفتاب
خورشید کو وہ زہرہ جبین دی جو حسن جام / گردون پہ مشتری ہو خریدار آفتاب
کوتاہ اس سے عقل ہوا اور اوس ہی نور چشم / یہ کار ماہتاب ہے وہ کار آفتاب
اوس مہ کو پیتے دیکھتا ہون رات کو شراب / شب کو نصیب ہے مجھے دیدار آفتاب
تصویر ابروؤن کی ہے ابر و ہلال کا / رخسارون کی شبیہ ہے رخسار آفتاب

۷۵ تارے سے جیسے خطوط شعاعی کو دیکھکر
چمکے جو نور نیزۂ خونخوار آفتاب ۱۲

رونا آتا ہے مجھے سنکر بیان عندلیب / کوئی گلشن مین نہین سنتا فغان عندلیب
کیا مجھے بدخواب کرتی ہے فغان عندلیب / یا الٰہی لال ہو جائی زبان عندلیب
پھر خزان آئی ہوی بیچین جان عندلیب / باغ مین اوجڑا پڑا ہے آشیان عندلیب
ساغر گل باغ مین معمور شبنم سے نہین / ڈبڈبائی آنکھ سنکر داستان عندلیب
کسیہ عاشق ہو جسے کوئی حسین ان نہین / کون گل ہے اس چمن مین قدردان عندلیب
عاشق صادق کے نالے تیر سے کچھ کم نہین / چھیدتا ہے دل جگر شور فغان عندلیب
قصۂ بلبل سے کچھ میرا فسانہ کم نہین / داستان ہے میری غم کی داستان عندلیب
سنگ ہے اوس گل کا دل کو عشق پھر پیدا ہوا / ہمنشین مدت سے خالی تہا مکان عندلیب
باغبان صدمہ قفس کا اس سے اوٹھنے کا نہین / مثل گل نازک ہے جسم ناتوان عندلیب
خون عاشق ہوگا نخل گل نہ کاٹ ای باغبان / شاخ ہے منقار برگ گل زبان عندلیب
ہو ہوای گلشن عالم اگر انصاف پر / شاخ گل پر ہوا بھی اس آشیان عندلیب

٧٦ عاشق صادق کی بانوک کاہون کشتہ نور مین
قتل کرتی ہے مجھے تیغ زبان عندلیب ١٤

اولجھا ہے مثل زلف مرا دم تمام شب
تھا صاف اختصار کا عالم تمام شب

گستاخ اوس حسین سے رہی ہم تمام شب
کس لطف سے بسر ہوئی باہم تمام شب

دل کو وصال مین بھی رہا غم تمام شب
انگیا ہوئی نہ ہاتہ سے محرم تمام شب

آنکھون مین رات ہجر کے ایاماہ کٹ گئی
جھپکی نہین ہین دیدۂ پرنم تمام شب

کیا پوچھتے ہو جان یہ فرقت مین نکلی
دیکھا کیے ہین لوگ مرا دم تمام شب

کس کو شب فراق مین تھی صبح کی امید
آنکھون مین درد دل سی رہا دم تمام شب

مین نے پلائی یار کو مے یار نے مجھے
بدمستیون مین کٹ گئی باہم تمام شب

عاشق ہے یہ بھی خندۂ گل پر جوای نسیم
تھمتا نہین ہے گریۂ شبنم تمام شب

تم روٹھ کر مسہری پہ جا کر جو سو رہے
تڑپے ہین فرش خاک پہ یان ہم تمام شب

اوس شعلہ رو کا حیف ہی پگھلا نہ دل ذرا
گریان برنگ شمع رہے ہم تمام شب

آفت کا سامنا ہے شب ہجر یار مین
آتی ہین یاد گیسوی پرخم تمام شب

مر مر کے صبح کی ہے تمہارے فراق مین
بر پا رہا ہے شیون و ماتم تمام شب

نالہ تھا نو شدت درد جگر ہوئے
تنہا یہ تمہارے ہجر مین عالم تمام شب

٧٧ بوسہ جو مین نے نور لیا اونکی زلف کا
گیسو کی شکل سے رہی برہم تمام شب ١٢

دل شاد ہوگا وصل بت نازنین سی کب
یارب اوٹھے گا نخل تمنا زمین سی کب

مدت سے دل کو ایک حسین کی تلاش ہے
آباد دیکھیے یہ مکان ہو مکین سے کب

ای ہجر المدد کہ بہت بیقرار ہون
وصلت نصیب ہوگی مجھی اوس حسین سی کب

تنہائی مین بھی ہاتھ لگا یا نہین تمھین
گستاخیان ہوئی ہین عقیدت گزین سی کب

رو یا کیا ہون صورت شبنم مین رات بھر
پوچھین ہین تمنی اشک مری آستین سی کب

بار فراق یار سے بھی بار عظیم ہے
اے آسمان یہ بوجھ اوٹھیگا زمین سی کب

بوسے لیے ہین روے کتابی یار کے
مطلب سوا ہے فوت ہمارا نہین سی کب

بھاگے گی روح چھوڑ کے سیری مین جسم کو
یا رب مکان چھٹے اوٹھیگا مکین سی کب

اد نا سی عیب پوشی اسے علے محال ہے
ممکن ہے آسمان کا پر داز مین سی کب

دل دو ہوا جو تیغ نگہ سے عجب ہی کیا
رکتا یہ وار شہپر روح الامین سی کب

دامن بہی تو ادب کی سبب سی چہوا نہین
ہمس مین سانے اپنا ہاتہ کیا آستین سی کب

(۷۸) دشوار گفتگو ہے دم نزع یار سے
فرصت ملے گی نور دم واپسین ہی کب (۹)

رخ سے دل زلف سے جگر بیتاب
شام سے ہون مین تا سحر بیتاب

مجکو ہمدون سے تو نکر بیتاب
مین تو ہون آپ نامہ بر بیتاب

دل مرا مرغ نیم بسمل ہے
رات دن ہون مین نوحہ گر بیتاب

جب سے آزردہ ہے وہ مہ پارا
مثل سیماب ہے جگر بیتاب

سچ ہے ہوتی ہے دل سے دلکو راہ
وہ اودہر اور مین ادہر بیتاب

نیند آتے نہین ہے راتون کو
ایسا رہتا ہون اے قمر بیتاب

یار جب سے نہین ہے پہلو مین
کیا کہون دل ہے کسقدر بیتاب

بیقراری سے بیقرار ہے ہے
روح بیچین ہے جگر بیتاب

یاد مین ایک ماہ طلعت کے
نور رہتا ہون رات بہر بیتاب

(۷۹) ردیف بای فارسی (۹)

خط سے دونا ہوا رخسارۂ دلدار کا روپ
واقعی سچ ہے کہ سبزی سے ہی گلزار کا روپ

بار لانے سے ہے لطف شجر باغ شباب
تار پستان سے ہے سرو قد دلدار کا روپ

بانکپن ترک جفا کار کو زیبندہ ہے
دست معشوق مین کیونکر نہو تلوار کا روپ

سچ ہے اک نور ہے انسان تو سو نور لباس
بہاری کپڑون سے ہی دونا مری دلدار کا روپ

ابر مین لطف ہی تارون کے نکل آنی سے
کیون نہ افشان سے ہو زلف سیہ یار کا روپ

دہن یار مین کس طرح نہ چمکین دندان
درج مین ہوتا ہی سلک در شہوار کا روپ

کیون خریدارون سے رونق نہو اوس یوسف کے
مشتری سی ہی فقط حسن کے بازار کا روپ

عکس رخسار سے عالم تہا عجب گیسو پر
نور سے صبح کے دونا تہا شب تار کا روپ

(۸۰) نور کیونکر نہ اسی نور علی نور کہے
کہ ہوا طرۂ دستار سی دستار کا روپ (۹)

آزردہ بعد ہو جیسے ای رشک حور آپ
غش کیوں نہوں کہ حسن مین ہین برق طور آپ
شہرت ہے شہر شہر ہماری بہی عشق کی
اے ماہ ہر کمال کو آخر زوال ہے
مشتاق ہون جمال مبارک دکہائیے
آیا ہے دم لبون پہ مرا شوق وصل سے
خالی نہین کنایہ سے صاحب کی کوئی بات
پرسش جو ہوگی عاشق بیکس کے خون کی
تاریک دو جہان ہین اے جان ہجر مین

ثابت تو ہوا مجہسے کہیے میرا قصور آپ
کیا تاب دید ہو کہ سراپا ہین نور آپ
مشہور حسن مین ہین اگر دور دور آپ
کرتے ہین اپنی حسن پہ ناحق غرور آپ
کہینچے نقاب شرم کو چہرہ سے دور آپ
تشریف آج رات کو لائین ضرور آپ
ثابت ہوا ہمین کہ نہایت ہین دور آپ
کیا حشر مین کہین گی خدا کی حضور آپ
لیتے گئے ہین نور کی آنکہون کا نور آپ

۱۸ ردیف تا ۱۲

سکہلے الطاف و عنایات کے فرمائی بہت
کان مین قدسیون کی شور جو نالون کا گیا
یار سے بوسۂ رخسار جو مین نے مانگا
ایک صورت یہ نہ دیکہا چمن دنیا کو
سنکے غل نالۂ عاشق کا کہا اوس بت نے
یار سے بوسے کی تکرار نہین لازم ہے
خود نمائی سی سوا ہوگئی اونکو نخوت
ہاتہ ملتے رہے مہندی کے بہانے برسون
مرغ دل دام مین آیا نہ کسی صورت سی
خط جو قاصد نے دیا آگیا غصہ اونکو
نہ رہی دشت نوردی سے کوئی جا خالی
ایسا معشوق زمانے مین کہان ملتا ہے
سیر گلشن کو دم صبح جو وہ جا نکلے
۸۲ واے تقدیر کہا یار نے دربانون سے

مجکو بیتاب جو دیکہا تو وہ گہبرائی بہت
صورت مہر فلک خوف سے تہرائی بہت
سر جہکائے ہوئے بیٹہی رہی شرمائی بہت
شعبدے چرخ فسون ساز نے دکہلائی بہت
منع کر دو مری سر پر نہ یہ چلائے بہت
باتون باتون مین نہ جہگڑا انہین سمجہائی بہت
شکل آئینہ مین دیکہی تو وہ اترائی بہت
چہوڑ کر مجہسے ملاقات وہ پچہتائی بہت
ناز سے گیسوی صیاد نے بل کہائی بہت
نامہ بر ہکر مرا سر نامہ پہ جہنجہلائی بہت
سنکے دیوانے کی جا گرد وہ چکرائی بہت
ظلم تہوڑا کرے عاشق پہ ترس کہائی بہت
دیکہکے غنچۂ گل باغ مین بتائی بہت
نور بہی کہدو کہ گہر مین نہ مرے آئی بہت ۱۳

شام سے آئیگا وہ رشک قمر آج کی رات
منزل ماہ بنیگا مرا گھر آج کی رات

کنگھی چوٹی جو ہے منظور نظر آج کی رات
کہو لیجاؤ گے تشریف کدھر آج کی رات

پائینتے پڑنے کا ہے حکم اگر آج کی رات
تلوے آنکھوں سے ملون تا بہ سحر آجکی رات

بعد مدت کے شب وصل صنم آئی ہے
صبح تک بانگ نہ دین مرغ سحر آج کی رات

گھر ہمارا بھی تو در اصل تمہارا گھر ہے
یہین رہجاؤ نہ اے رشک قمر آج کی رات

صبح یہ بزم یہ لطف مے و معشوق کہان
دل مرا دیتا ہے فرقت کی خبر آج کی رات

چاندنی چھٹکی ابھی میرے سیہ خانے مین
جلوہ افگن ہو جو وہ رشک قمر آج کی رات

کل عجب لطف کی صحبت رہی اونکی دم سے
پھاڑے کھاتا ہے مجھے خود مرا گھر آج کی رات

کل کہان ہے مجھے ای دل یہ کہان سیر چمن
دیکھ لے اور بہار گل تر آج کی رات

تیرے بیمار محبت کا خدا حافظ ہے
اور دن سے ہے فزون درد جگر آجکی رات

یا خدا خود وہ چلے آئین ہماری گھر مین
آہ مظلوم کا ظاہر ہوا اثر آج کی رات

۸۳

غیر کیا خانۂ محبوب مین رکھیگا قدم
نور مشکل ہے ہوا کا بھی گذر آج کی رات

یاد دندان مین ہی یہ دیدۂ تر کی صورت
اشک آنکھون سے نکلتے ہین گہر کی صورت

اب ہی یہ عاشق تفسیدہ جگر کی صورت
دل پر داغ ہے طاؤس کی پر کی صورت

ای حسین حسن پہ لازم نہین اتنا بھی غرور
ایک صورت پہ نہین رہتی بشر کی صورت

پاؤن پھیلائی ہوئی چین سے ہین سوتا ہون
خانۂ گور مین آرام ہے گھر کی صورت

باغ عالم مین تہیدست نہ ہمسا ہوگا
صورت گل نظر آئی نہین زر کی صورت

اپنی قسمت کے لکھی کی نہ خبر تھی ہمکو
ٹھوکرین کہائین گے یون کاسۂ سر کیصورت

اوڑتا پھرتا ہون بگولی کیطرح صحرا مین
لاغری سے مری شانون مین ہی پر کیصورت

ناتوانی نے مجھے یار بنایا عنقا
چشم عالم سے نہان ہون نہین کمر کیصورت

یار مین جو کہ نزاکت ہے وہی اسمین ہے
پائی جاتی ہی رگ گل مین کمر کی صورت

رات دن ہجر مین تڑپتا ہی برنگ بسمل
جو کہ آگے تھی وہی اب ہی جگر کی صورت

حال یان کچھ ہی بیان یار سی کچھ کرتے ہین
غیر کر دیتے ہین تبدیل خبر کی صورت

صبح دم اوٹھ کے جو وہ ماہ سدہارا گھر کو
غمسے دل چاک ہوا جیب سحر کیصورت

صاف آتی ہی تو ہم سی صدا فرقت کی — کان بجتے ہین شب وصل گجر کی صورت

دل مین جب آتا ہی تشریف وہ لی آتی ہین — کچہ تکلف نہین ہے یار سے گہر کی صورت

مصحف عارض پرنور کا دل حافظ ہے — یاد ہی چاند سے اوس رشک قمر کی صورت

مجہسے اوس مہر سے صحبت جو دم صبح ہوئی — اوڑ گیا رنگ عدو رنگ سحر کی صورت

خاک ای دل نہ سوا رنج کے حاصل ہوگا — ربط کی اوس بت کافر سے اگر کی صورت

۸۴ نور گبہرا گئے وہ آہ حزین کو سنکر — کچہ تو پیدا ہوئی نالون مین اثر کی صورت ۹

آغاز مین گر جانتا انجام محبت — تا حشر مین لیتا نہ کبھی نام محبت

انسان ہے کیون بندۂ بیدام محبت — سنی روبرے محبت ہے نہ الزام محبت

بچتا ہی نہین کشتۂ صمصام محبت — کیا جانے بسر ہوتے ہین ایام محبت

جز مرگ مداوا نہین الفت کا جہان مین — یارون سے خبر کی نہ یہ ہنگام محبت

ابرو کے تعشق نی کیا ہے مجھی کشتہ — کم تیغ قضا سے نہین صمصام محبت

آنکھون کو نہ رخسارۂ دلبر کا ہوا عشق — خالی ہے مے الفت سے رہا جام محبت

رخسارۂ گلرنگ اگر ہین گل الفت — آنکھین ہین مرے یار کی بادام محبت

لرزہ مجھی آتا ہے محبت کی بیان سے — تپ چڑھتی ہے لیتا ہون اگر نام محبت

۸۵ کیا اسکا عجب یار کو الفت ہی جو مجہسے — ای نور یہی ہوتا ہی انجام محبت ۹

ردیف تا سے ہندی

ہی جب سے بزم حور شمائل سی دل اوچاٹ — تب سی ہی سب جہنون کی محفل سی دل اوچاٹ

دل ہجر بحر حسن سی لگتا نہین کہین — دریا سے دل اوچاٹ ہی ساحل سی دل اوچاٹ

ثابت قدم رہونگا مین اس راہ مین سدا — ہرگز نہوگا عشق کی منزل سی دل اوچاٹ

وہ کشتہ ہون کہ روح رہیگی فدای یار — ہوگا نہ بعد مرگ بھی قاتل سی دل اوچاٹ

ہوے سی دیکھتا نہین مین چاند کی طرف — ایسا ہوا ہی اک مہ کامل سے دل اوچاٹ

جھنکار یاد آتی ہے پازیب یار کے — کیونکر نہو صدا سے جلاجل سی دل اوچاٹ

کسدن ہمارے گہر مین وہ تشریف لائنگی — کب ہوگا انکا غیر کی محفل سی دل اوچاٹ

کیونکر یہ دل لگا کے سنے حال دل مرا — ہوتا ہی اوس صنم کا مری کسے دل اوچاٹ

سودا ہے ایک حور کی زلف دراز کا | اے نور کسطرح ہو سلاسل سے دل رہا عبث

ردیف ثائے مثلثہ

روبروئے نگہ یار ہے شمشیر عبث
پیش ابرو و مژہ قوس عبث تیر عبث

کشتۂ ابروئے خمدار ہون مین مدت سے
قتل کرنے کو مرے لائے ہو شمشیر عبث

آنکھین کھل جائین جو خاک قدم یار ملے
آگے اس خاک کے ہو جائے پھر اکسیر عبث

ہر دم آنکھون کے تلے پھرتی ہی صورت اوسکی
کیون مین کھنچواؤن بھلا یار کی تصویر عبث

بوسۂ زلف کا مذکور کیا کب مین نے
مجھسے کرتے ہین وہ اوبھی ہوئی تقریر عبث

سر سے جانے کا نہین زلف سیہ کا سودا
غل مچاتی ہے مری پاؤن مین زنجیر عبث

دہن تنگ کا سوتے مین لیا کب بوسہ
گالیان دیتا ہے کیون اوبت بے پیر عبث

کام کی بوٹی ہے وہ یار کا قد بوٹا سا
کیون محوس مین کرون خواہش اکسیر عبث

پھڑ پھڑا کر مرا دم تن سے نکل جائیگا
تنگ کرتا ہے مجھے طوق گلوگیر عبث

پیش آئیگا وہی جو کہ ہے پیشانی مین
کیون فلک سے مین کرون شکوۂ تقدیر عبث

فائدہ صورت بلبل جو تھکاون مین گلا
کیون مین صیاد کرون نالۂ شبگیر عبث

زلف دلدار کا پابند مین دیوانہ ہون
مجکو حداد تو پہناتا ہے زنجیر عبث

جوہرون کی نہین شمشیر نگہ کو حاجت
آنکھ مین کھینچتے ہو سرمہ کی تحریر عبث

حال عاشق یہ تو اے گل ہی مقام گریہ
ہنستے کیا ہو صفت غنچۂ تصویر عبث

نورا وسون سے بھلا پیاس کہین بجھتی ہے
ہے فریب پیش نظر یار کی تصویر عبث

نہان ہون چشم سے مین جسم زار کے باعث
عدم ہون عشق میان نگار کے باعث

بہار نقش و نگارین ہے یار کے باعث
چمن ہے گھر مرا اوس گلعذار کے باعث

عبث وہ نالۂ عاشق ستی تنگ ہوتے ہین
نمود گل کی ہے صوت ہزار کے باعث

گرا دیا مری عظمت نے اونکی نظرون سے
سبک ہوا ہون مین کوہ وقار کے باعث

نہ کوئی جا سے ہلنے والا تھا جب مین عاشق تھا
ترقیان ہوئین ہین خاکسار کے باعث

خزان مین پھر یہ کہان چہچہے عنادل کے
فزائے باغ ہے اک گل ہزار کے باعث

شگفتہ گلشن دل داغ سے ہے جہان لگ
نگا لگا کے گنہگار ہو گیا اونکی
بلا ہے زلف پریشان یار کا سودا
نہ اختلاط مناسب تہا بے رضا اونکی
بنو ہے حسن ہر عاشق ہر اک جہان اونکا
نہ پوچھو نور رہتون مزاجیان اونکی

بہار باغ ہے اس لالہ زار کے باعث
حسین ہوئے ہین فتنار مزار کے باعث
ہوا اس باختہ ہین انتشار کے باعث
خفا وہ ہو گئے بوس و کنار کے باعث
ہجوم بلبلون کا ہے بہار کے باعث
ملال ہوتا ہے اب دل کو یار کے باعث

ردیف جیم عربی

٨٨

غیر کے ہاتھ مین شراب ہے آج
روئے جانا جو بے نقاب ہے آج
روز یہ غل ہے اس خرابی مین
ہجر مین جاؤن کیا مین دریا پر
اسے صنم روز عید قربان ہے
کل تو بوسہ یہ بوسہ دیتے تھے
یہ مرا دود آہ چہایا ہے

رشک سے دل مرا کباب ہے آج
شرم سے زرد آفتاب ہے آج
اسکا کوچہ اوسکا پا تراب ہے آج
تیغ ہر ایک موج آب ہے آج
ذبح کرنا مرا ثواب ہے آج
جان کسکا تمہین حجاب ہے آج
آسمان پر نہین سحاب ہے آج

نور حسن گل کے ساتھ سویا ہے
کہ پسینا ترا گلاب ہے آج

٨٩

جو سر پر باندہے دلبر چاند سورج
ترے رخ پر ہین عاشق جو شب و روز
اگر پڑ جائے عکس روئے نور
نقاب اولٹے اگر رخ سے مرا یار
تمہارے عارض انور سے ای یار
اگر تم سو رکھکر زیر رخسار
تمہارے عارض انور کے آگے
رخ پر نور سے اوس رنگ ہی کے

نہ نکلین پہر فلک پر چاند سورج
کیا کرتے ہین چکر چاند سورج
بنین گردون پہ اختر چاند سورج
ابھی گم ہون فلک پر چاند سورج
ملائین آنکھ کیونکر چاند سورج
بنین گلتکیے دلبر چاند سورج
خجل ہین ماہ پیکر چاند سورج
نہین اسے نور بہتر چاند سورج

کیا یار سے ہنسون ہی ہنسی کا ملال رنج
ایسا نہو کہ ہو کہین صبح وصال رنج

سنکر پیام وصل کو دیتے نہین جواب
اے جان کسطرح نہو وقت سوال رنج

پیری کی آرزو نکرو تم شباب مین
اے آفتاب حسن ہی وقت زوال رنج

بے یار جاؤن سیر گلستان کو خاک مین
ہوتا ہے دل کو خندۂ گل سے کمال رنج

سیر چمن سے قمری دل کو حصول کیا
مانند سرو دیتا ہے وہ نونہال رنج

معشوق سے جو رنج ہو راحت سمجھ اوسے
ای عشق باز عشق کا ہے بس مآل رنج

وہ مہربان ہین عیش مین کٹتی ہین رات دن
راحت بہت بہت ہی تو اب خال خال رنج

نشو و نما کے غم مین بھلا خاک امید ہو
کرتا ہے میرا مزرعۂ دل پایمال رنج

آتے ہین یاد پھول سے رخسار باغ مین
دیتا ہے مرغ دل کو تمہارا خیال رنج

تا کے سنون مین یار کی اب لن ترانیان
دیتا ہے عشوۂ بت شیرین مقال رنج

جبتک بنے بگاڑنا اے دل بجا ہے
راحت محال ہے نہین ہے کچھ محال رنج

۹۱

پوچھو نہ نور یار کی کج بحثیون کا حال
ہوتا ہے ادلتی باتون سے دل کو کمال رنج

۱۵

ساقی دے جلد جام مے خوشگوار آج
اوٹھا ہے زور شور سے ابر بہار آج

اے نور لینگی بوسۂ چشمان یار آج
کھیلین گے آہوان حرم کا شکار آج

باہین گلے مین ڈال کے کہتا ہی یار آج
کیون گل کی طرح دل تو نہین بیقرار آج

تمنے کیا ہے یار غضب کا نکھار آج
دل کھول کر مین کرون خوب پیار آج

گلزار ہے شہیدون کے خون سے گلی تمام
دیکھو تو اپنے باغ کی جاکر بہار آج

چوٹی کے بال شانون پہ بکھرا رہی ہین وہ
بازو کی مچھلیون کو کرینگے شکار آج

کیا میری طرح مست مے ناز حسن ہے
آتی ہی جھومتی جو نسیم بہار آج

کانون مین آرہی ہین صدائین نشاط کی
آئیگا کون اے مرے پروردگار آج

اے جان دل تڑپتا ہے بسمل کی شکل سے
آتا نہین ہے مجھے کسی پہلو قرار آج

وہ گل نہین تو لطف بہار چمن نہین
اے عندلیب پھول ہین نظرون مین خار آج

معشوق جمع بزم مین ہین رنگ رنگ کے
پھولا ہوا ہے کیا چمن روزگار آج

اوس گلبدن کا باغ سے جانیکا قصد ہے
مہمان ہے کوئی دم کی نسیم بہار آج

ہم پیتا وہ بت ہے جام مے لالہ فام ہی
صحبت خدا کے فضل سے ہے یادگار آج

اسے دل صفائے گوہر دندان کو دیکھکر
آنکھوں سے گر گئے گہر شاہوار آج

آنکھیں ہیں شکل دیدہ انجم کھلیں ہوئیں
کس کی ہوش کا تو کو ہے انتظار آج

ردیف جیم فارسی

۹۲ ۸

شہر سے تیرا ہے گرا اسے جان کوچ
ہیرا ابھی دار فنا سے جان کوچ

اسے مسافر دار دنیا ہے سرا
آج آیا کل یہاں سے جان کوچ

ضعف سے کروٹ بدل سکتا نہیں
کر گئے تاب و توان اسے جان کوچ

اسے مسیحا نام جانے کا نہ لے
دل میں کر دیتا ہے اک ہیجان کوچ

ہے رہ الفت میں دنیا سے سفر
اس مقام دوستی کو جان کوچ

زیست کا غافل نہیں کچھ اعتبار
اس سرا سے بے تکلف جان کوچ

تم سدا روگے جو ہنگام سحر
جانہ تن سے کرے گی جان کوچ

شرم ہو گی سخت اعمالوں سے نور
ہو گیا یان سے اگر اسے جان کوچ

ردیف حاء حطی

۹۳ ۹

تھا سیہ عالم نظر میں شام ہجران کی طرح
داغ روشن ہو گئے شمع شبستان کی طرح

بھاگ گئے ہو پاس سے کیا در حیوان کیطرح
ہو اگر انسان تو بیٹھو آکے انسان کیطرح

وا اسے قسمت اسیہ بھی آیا در مقصد نہ ہاتھ
خاک میں ہم ملگئے گرد بیابان کیطرح

تنگ آیا ہوں نہایت میں جنون کے ہاتھ سے
پھاڑ کر کپڑے نکل جاؤں گریبان کیطرح

ہے یہ عبرت کا محل انسان عدم آباد سے
چار دن آ کر رہے دنیا میں مہمان کیطرح

بوسہ لبہائے شیرین وہ مجھے دیتے نہیں
چشمہ بے فیض ہیں چاہ زنخدان کیطرح

ہو کے آئینہ مصر جی یہ الگ لیتے ہیں وہ
ہے شب وصل صنم میں روز ہجران کیطرح

شکل یوسف کسطرح ہو یا نہ وہ ہمدل عزیز
ہے حسین وہ ماہرو بھی ماہ کنعان کیطرح

دیکھتا ہوں صورت یوسف نگاہ پاک سے
مصحف عارض کا ناظر ہوں میں قرآن کیطرح

اسے معلم ہے کتاب عشق کا مطلب دقیق
مبتدی ہے مفتی طفل دبستان کیطرح

سوزش ہجر صنم کا پوچھتے ہو حال کیا
اک سرا پا داغ ہوں سرو چراغان کیطرح

چمن سے ہوتی ہے ان کو زردی حسن غنچوان ہی نیا
گھیرے رہتی ہین مجھی پریان سلیمان کیطرح

شمع کی صورت ہے روشن عارض پر نور یار
بل کرین کیونکر نہ گیسو دود پیچان کیطرح

وہ اشارے سے اگر مجکو بلائے بزم مین
آنکھہ مین کھٹکون عدو کی میرے مژگان کی طرح

شاعر و تشبیہ مین جوہر شناسی چاہیے
آب موتی مین کہان ہے آب دندان کیطرح

اسکو بھی سودا ہے کیا اوس [illegible] حسن کا
چاک ہی جیب سحر میرے گریبان کی طرح

جلتے ہی اوس گل کی بوی سب نوا سنجی گو ہم
چہچہے کرتے تو گیا مرغ خوش الحان کیطرح

عید کے دن بھر گلگشت چمن آئے جو وہ
دمبدم لپٹا کرے عشق پیچان کیطرح

۱۲ — نور جنت مین نہین دل اس سے گھبراتا مرا
ملتی ہے اسمین جو کچھ کوئے جانان کیطرح — ہمہ

لٹ گئی ایسی غم گیسوئے دلدار مین روح
نبض دودے کیطرح ہے تن بیمار مین روح

دم نکلتا ہے پر اس بات کا سودا ہے مجھے
مثل گیسو کہین اولجھی نہ تن زار مین روح

ای مسیحا دم آخر تو دکھاؤ صورت
میہمان ہے کوئی دم اور تن زار مین روح

مین وہ ہون مردہ لاغر کہ ترے دیکھنے کو
بنگئی تار نظر حسرت دیدار مین روح

دم گھٹا جاتا ہے چہرے سے اوٹھاؤ زلفین
روز روشن کی ہے مشتاق شب تار مین روح

جان آجائے سر قبر جو آئے وہ حسین
عود کر آئے ابھی میرے تن زار مین روح

قبر مین اوترے جو وہ شانہ ہلانے کیلیے
نقش تصویر سے نے حسرت دیدار مین روح

مجھسا بھی رند خرابات نہ ہوگا کوئی
تن سے نکلے تو گئی خانۂ خمار مین روح

جنبش ابروی جانان ہے دلیل قاطع
ہے کسی عاشق جانباز کی تلوار مین روح

شوق نظارہ گل مین جو اوٹھا دنیا سے
عندلیب چمن عشق ہے گلزار مین روح

دشت مین نزع کے دم تھا جو خیال مژگان
رہ گئی میری الجھکر سر ہر خار مین روح

۱۴ — مثل نرگس پس مردن جو کھلین ہین آنکھین
نور نکلی ہے مری حسرت دیدار مین روح — ۵

قرار سے نہین لی یار لالہ زار مین روح
تڑپتی پھرتی ہے بلبل صفت بہار مین روح

کرگئی یاد وصال صنم مزار مین روح
نہ ہوسکی یہ ہم آغوش یار مزار مین روح

قرار سے پس مردن ہے اب مزار مین روح
نہ اضطراب مین دل ہے نہ اضطرار مین روح

نہ صبر آتا ہے دل کو نہ دم نکلتا ہے
کسیکے موئے کمر کا ہے عشق اس درجہ
رسیگی تا بہ قیامت بہشت دنیا میں
بچائے کاتب فرقت سے میری جان ہی
سنا ہی ہمنے کہ مشکل سے دم نکلتا ہے
وہ گل ہو فاتحہ کو آئے قبر عاشق پر
مرے پہ بھی نہ گیا شوق بوسہ ابرو
میں نزع میں ہوں نہ اوس بت کو ساتھی لانا
وہ لب بلب ہوئے پاس لیٹتا گیا
شب وصال جو پہلو سے وہ حسین اوٹھا
کسیکا دھیان نہ تھا وقت پڑا میں مجکو

نہ اختیار میں دل ہے نہ اختیار میں روح
بنی ہے تار نظر کہل کے جسم زار میں روح
نکل کے جسم سے پہونچی گی کوی یار میں روح
ازل کے روز سے ہے جسکے اختیار میں روح
بہت اوٹھائی گی تکلیف اختصار میں روح
خوشی سے ہوی سمائی نہ پہر مزار میں روح
لگی رہی مری شمشیر آبدار میں روح
خدا گواہ ہی بھٹکے گے انتظار میں روح
ہوا ہوئی ہوس بوسہ و کنار میں روح
تڑپ کے رہ گئی دل کی طرح کنار میں روح
لگی ہوئی ہی فقط نور میری یار میں روح

۹۶ ردیف خاء معجمہ ۱۶

یوں یاں ہی کہ لب ہیں تیرے اے غنچہ دہن سرخ
مارے ہوئے ہیں عارض گلنار صنم کے
ثابت ہوا تحریر سے یہ پان و مسی کے
موباف نہیں چوٹی میں گلنار پڑا ہے
گل کا گل نرگس یہ زمانے کو یقین ہے
عکس رخ گلگوں سے شفق پہولی ہوئی ہی
کیا رتبہ عالی ہے شہیدوں کے لہو کا
ایسا کوئی گلشن میں گل سرخ نہ ہوگا
اسقدر سے نزاکت کہ وہ کرتے ہیں جہان بات
لایا ہے خبر یک صبا آمد گل کی
خون ہمت کسی عاشق جانباز کا ہوگا
عکس لب رنگیں سی نہیں سرخ ہیں آنکھیں

عمدہ کوئی جس شکل ہی ہو لعل یمن سرخ
ممنوع نہیں ہر جو شہیدوں کا کفن سرخ
ہی نصف سیہ نصف ہی یہ لعل یمن سرخ
ہی شہر بدخشان کیطرح شہر ختن سرخ
آنکھیں نہیں غصہ سی ہیں ای غنچہ دہن سرخ
ہے گل کی روش چہرہ یاران وطن سرخ
خورشید کے مانند ہے سب چرخ کہن سرخ
رنگت تو قیامت کی ہے ای رشک چمن سرخ
ہوجاتا ہی منہ یار کا ہنگام سخن سرخ
بیوجہ نہیں چہرۂ مرغان چمن سرخ
کیا پان کی لالی سے بھبھوکا ہی دہن سرخ
پہنے ہوے یاقوت کا کٹھا ہی ہرن سرخ

سر ڈوبا ہی مرغ دل عاشق کے لہو مین | ہے تیر جو سوفار تلک اے صید فگن سرخ
خالی نہین گلزار دو رنگی سے جہان کا | پھولون سے کوئی زرد ہی کوئی ہی چمن سرخ
پنجے یہ گمان پنجۂ مرجان کا ہے دل کو | مہندی سے نہین ہاتھ ہین اے سیم بدن سرخ

٩٧
یاد گل عارض مین جو گل کہائے ہین مین نے
لالہ کی طرح نور ہین سب داغ بدن سرخ
١٢

ردیف دال مہملہ

رکھتا ہے فرش خانہ مرا سیمتن سفید | اک چاندنی بچھائی یہ چرخ کہن سفید
حسن صنیع یار گل اندام دیکھکر | غیرت سے گل ہین شل گل یاسمن سفید
بیٹھے ہین آکے کہ یک شب تا بسحر شمع پر | یا گورے بازوون پہ ہین یا یہ نور تن سفید
کیونکر صفا یہ دانتون کی اسکی ہوون فدا | جسکے چکنے سے ہوگیا دُرِّ عدن سفید
اس مانگ کی لکیر یہ زاہد فقیر ہین | قشقہ جبین پہ کھینچے ہین برہمن سفید

٩٨
اے نور سب کو بھاتا ہے یہ صوفیانہ طرز
پہنے نہ کیون وہ رشک چمن پیرہن سفید
١٣

رقیبون کی کروا سے مہ لقا قید | فقط ہو میرے آنے کی بلا قید
ہنسے قسمت پہ بلبل کے نہ کیون گل | بہار گل مین دیکھا بارہا قید
بیان سے صدمۂ زندان ہے باہر | نہ دشمن کا ہو دشمن اے خدا قید
اسیر زلف جو ہو اوس سے پوچھو | بُرا اے مرغ دل ہے اک بلا قید
پھنسے کوئی نہ گرداب بلا مین | نہو یارب نصیب آشنا قید
تڑپتا ہے رہائی کی ہوس مین | جہان بلبل صفت انسان ہوا قید
خدا سمجھے ارے صیاد تجھ سے | بہار گل مین بلبل کو کیا قید
نکل جائے گی اک دن روح تن سے | رہا ہے کون زندان مین سدا قید
دکھا کر گیسوئے عنبر فشان کو | کیا دام بلا مین بے خطا قید

٩٩
کرو رنگین بیانی لاکھ اے نور
نہوگا طائر رنگ حنا قید
١٤

طوق سونے کا نہ چاندی کی ہے زنجیر پسند | دل کو ہے سلسلۂ زلف گرہ گیر پسند

بال سلجھانے کو کہتا ہون تو وہ کہتے ہین
ایک سے ایک حسین حسن مین لاثانی ہے
قریب ہونے سے کہلا راز نہفتہ ہمین
دہن ناکارہ زمانہ مین نہ سمجھا ہوگا
قاصد اوس بت نوخط کو مین خط لکھتا ہون
خط سے وہ مصحف عارض ہی بہت دلکو عزیز
کوئی فقرہ بھی لطیفہ سے نہین خالی ہے
منہ جو بوسے کو بڑہایا تو طمانچہ مارا
یار کے بہاتے ہین ابروے عرق آلودہ
غیر سے اوس مہ خوبی کو سوار غیبت ہو
مانگتا ہون جو مین بوسہ تو وہ فرماتے ہین
جس دونا ہوا افشان جو چنی ابرو پر

ہو گئے شانہ کو یہ اوجہی ہوئی تقریر پسند
اوس مرقع کی ہر اک دلکو ہے تصویر پسند
قوس ابرو کو ہین مژگان کی ترے تیر پسند
موت بھی کرتی نہین ای فلک پیر پسند
تیری تقریر سے شاید ہو یہ تحریر پسند
شکل یوسف ہی یہ قرآن مع تفسیر پسند
کیون نہ اوس ماہ کے عالم کو ہو تقریر پسند
کون عاشق ہے نہین جسکو یہ تعزیر پسند
تشنہ کامون کو ہے آب دم شمشیر پسند
نوجوان ہمسے نہ ہون ای فلک پیر پسند
بیہدہ مجکو کسیکی نہین تقریر پسند
ایک عالم کو ہوئی جوہر شمشیر پسند

داغ کہانے کی ہے مدت سے تمنا دل کو
نور کیونکر نہو وہ چاند ہی تصویر پسند

تمہارے رخ کا جو ای مہ کرے نظارا چاند
نقاب چہرے سے اوٹھے جو وہ حسین شب کو
جبین کا خال ستارا ہی کہکشان ہی مانگ
مہینہ عید کا گویا مہ محرم ہے
یہ صباحت جبین جبین حسین ہی ثابت ہی
برنگ ماہ منور سیاہ خانہ ہے
پکارا دل نے جو رشک قمر نظر آیا
دکہائی آنکھ جو اوس مہ نے تو اوڑ بہاگا
جلائے ہمکو نکل کر نہ وصل کی شب مین
اندہیری رات مین دن کا گمان ہی عالم کو
دکہا دو پردے سے منہ تو ماند ہو جائے

فلک پہ شرم سے بجائے کہٹ کی تارا چاند
فلک پہ تا بہ سحر ہو نہ آشکارا چاند
بہوین ہلال ہین رخسار ہے تمہارا چاند
فراق یار مین روتے کٹتا ہی سارا چاند
ہمارے قتل کا کرتا ہے یہ اشارا چاند
شب فراق مین ہی داغ دل ہمارا چاند
فلک سے کتنے زمین پر ہی یہ اوتارا چاند
حضور چشم حسین نکلیا جو کارا چاند
برنگ مہر نہ لائے کہین حرارا چاند
سوا ہے چودہوین کے چاند سے ہمارا چاند
فروغ حسن سے ہر ایک ایک تارا چاند

مہ فلک مری نظروں سے گر گیا اے مہر
تمہاری چوٹی کا کس مرتبہ ہے پیارا چاند

فروغ حسن جبین کا ہے عکس گالوں میں
کہ صاف بنگیا آدہے سحر دم میں سارا چاند

ہے چاند رات چھپاؤ نہ منہ دوپٹہ سے
دکھاؤ اسے بت زہرہ جبین خدارا چاند

۱۰۱ نہیں ہے زلف سیہ نور روے روشن پر
گہن میں آج سر شام سے ہے سارا چاند ۱۲

دیدۂ بیدار میں شب بھر نہیں آتی ہے نیند
صورت معشوق کیا کیا پاؤں پھیلاتی ہے نیند

آتش رخ کے تصور میں نہیں آتی ہے نیند
ہجر کی شب سنکے یار اصاف اوڑ جاتی ہے نیند

لوگ کہتے ہیں کہانی سے بہت آتی ہے نیند
قصۂ الفت کو سنکر اور اوڑ جاتی ہے نیند

خواب برسوں سے نہیں آتا خیال یار میں
کس سے میں پوچھوں کہ کیا شے ہے جو کہلاتی ہے نیند

وصل کی شب بھی نہیں بیدار ہوتی ہیں نصیب
جب یہاں آتی ہیں اونکو شام سے آتی ہے نیند

خواب کہتے ہیں کسے آرام کسکا نام ہے
مدتیں گذریں کسی کروٹ نہیں آتی ہے نیند

انتظار یار میں شب بھر نہیں لگتی ہے آنکھ
آتے آتے دیدۂ عاشق میں پھر جاتی ہے نیند

ہاتھ چھاتی پر دہرا ہے سر ہے تکیہ کے تلے
ہمکو اس البیلے پن کی دل سے بس بھاتی ہے نیند

باتیں کرتے کرتے سو جاتا ہے وہ رشک قمر
کم سنی کا یہ تقاضا ہے جو آ جاتی ہے نیند

جاگنے سے لال ہو جاتی ہیں آنکھیں یار کی
لطف جام بادۂ گلرنگ دکھلاتی ہے نیند

چونک پڑتا ہوں شب فرقت میں اکثر خواب سے
جب خیال یار ہوتا ہے اوچٹ جاتی ہے نیند

قبر میں شانہ ہلانے سے ہے احبا کو حصول
آنکھ کھلتی ہی نہیں غفلت سی جب آتی ہے نیند

جھومنے لگتا ہوں یاد گیسوے شب رنگ میں
شام کیا ہوتی ہے گویا وجد میں لاتی ہے نیند

۱۰۲ نور میرے یار مہرو کا ہے شاہانہ مزاج
جب دباتا ہوں میں اونکے پاؤں تب آتی ہے نیند ۱۰

وہ ہستے آتش دل کے ہیں یوں شرار بلند
زمیں پہ چھٹنے سے ہو جسطرح انار بلند

کہ ہو مثل فلک بارتبہ کردگار بلند
دعا کو ہاتھ کرا سے عبد خاکسار بلند

رفیع منزلت ایسا نہیں زمانے میں
ہے بام عرش سے سقف مکان یار بلند

کبھی نہ مرتے بھی پست طالعی اپنی
ہوا سے بھی نہ ہمارا ہوا غبار بلند

میں دیتا ... طول ... تشبیہ
... جو ہوتا قد نگار بلند

جو اوٹھا چہرے سے اوس شمع حسن کے گھونگٹ
برنگ مہر ہوا شعلۂ عذار بلند

بلک کی قبر پہ رو دیا جو وہ یم خوبی
حباب کا ہوا گنبد سر مزار بلند

فلک بھی پائی نظر کی طرح ابھی جھد جائے
کرے جو نیزۂ مژگان وہ نیزہ دار بلند

جو دیکھا سہو بون کا دستارہ یار پر طرا
تو سمجھا مین قد آدم ہوئی بہار بلند

یقین مقبرۂ قیس کا ہوا مجکو
اگر ہوا سے ہوا نجد مین غبار بلند

شعاع مشعل مہتاب سمجھی پروانے
ہوا جو شعلۂ شمع سر مزار بلند

کوئی تو مہر کوئی ماہتاب کہتا ہی
ہوا یہ مرتبۂ حسن روے یار بلند

کہلا یہ عارض و مژگان بھی تحت فوق کا حسن
کہ گل تو پست ہین باغ جہان مین خار بلند

ہزار دن تیغ ادا سی شہید ہوتے ہین
جو ہاتھ رقص مین کرتا ہے وہ نگار بلند

جو جھک کے چلتے ہین ہوتے ہین سرفراز وہی
بہت ہی مرتبۂ عجز و انکسار بلند

نال کار کا اسے شمو خیال نہین
سر غرور جو کرتے ہو بار بار بلند

فلک پہ نوک جسے آفتاب سمجھی ہین
وہ میری آتش فرقت کا ہی شرار بلند

١٠٣ وہ ناتوان ہون کہ مرنے کے بعد بھی ای نور ١٦
ہوا زمین سے نہ دو ہاتھ بھی غبار بلند

اوڑ گئے ہوش جو اس خط بے پیر کے بعد
دل پہ قابو نہ رہا یار کی تحریر کے بعد

جا پڑی رخ پہ نگہ زلف گرہ گیر کے بعد
روز روشن نظر آیا ہے شب قیر کے بعد

نہ گیا عشق ذقن زلف گرہ گیر کے بعد
گور کی چاہ ہوئی خانۂ زنجیر کے بعد

گالیان دین مجھے پہلو مین بٹھاکر لاکھون
خوب عزت ہوئی سرکار مین توقیر کے بعد

اب مری طرح وہ دیوانہ بنائین گے کسے
غل ہی لو طوق گرے جاتے ہین زنجیر کے بعد

نہین معلوم کہ کیا علم مین اونکے گذرا
ہوگیا بند نوشتہ خط تقدیر کے بعد

وصل کے نام سے خاموش رہی وقت سوال
ہان ہوگی یار نے ترشیح پہ تاخیر کے بعد

تجھ سے گر نہین ملتے تو مچلکہ لکھ دو
رنج مٹ جائیگا اسکا اسے تحریر کے بعد

ہوگئی صبح بیان تک مین کراہا آخر
لو اذان ہونے لگی نالۂ شبگیر کے بعد

روز دنیا کے مرقع کا یہ نقشہ دیکھا
ایک تصویر مٹی دوسری تصویر کے بعد

انہون کیون نہ ابدال مجذوبی وحشت
طوق منت کا پہنتے ہین وہ زنجیر کے بعد

غمزہ و عشوہ نہ ہے ... یار کا میرے ...
یار او ... جائیگا اس عاشق دلگیر کے بعد

نہ رہی یار کو آرایش دنیا سے غرض
حرص زینت نہوئی عاشق دلگیر کے بعد

بہوین دکھلا کے کیا ہوے مژہ سے گھایل
برچھیان مجھپہ لگانے لگے شمشیر کے بعد

گالیان کہانے پہ بہی نور نہ غیرت آئی

۱۶

بہلا صید آئینہ سی کیا بہار کی چشم تر باندہے
سیاہ قوس قزح کیا نقش کہنچے سیم و زر باندہے
تڑپ کر رہ گیا بلبل بہار کی خبر سنکر

یہ آنکھہ اب وہ نہین جو لگی وہ دیدہ باندہے
کبہی [illegible] اب اپنا کبہی نظر باندہے
نہ کہولی [illegible] صیاد نے یہ کس کی پر باندہے

گران کیونکر نہوان روز وون جنس حسن کا سودا
برنگ گل گرہ مین مشتری ابھی ہین زر باندھا ہے

جو دیکھا کہکشان ویاہ کو گردون پہ دل بولا
کسیکی قتل پر مریخ نے تیغ و سپر باندھا ہے

ہمارے شعر تو ہی تحسین ہین اور گر گوش جانان تک
کبھی پہنچے نہ اپنے طائر مضمون کی پر باندھا ہے

ہزارون مرغ دل اگر اسیر دام گیسو ہون
اگر تعویذ جالی دار وہ بالای سر باندھا ہے

اوسے منظور ہے در دخنا میرا ہی بند ہوا ہو
نہ کیون مہندی لگا کر ہاتھ اپنے فتنہ گر باندھا ہے

بہار آنے دو صیاد جفا جو سے سمجہ لونگا
قفس مین بند یا مجکو کرکے یا میرے پر باندھا ہے

لگا دیتیا نہ تہمت کا مجہے وہ پاک طینت ہون
ہزارون بار نہ ہنو غیرون نی مجہپر عشق تیر باندھا ہے

نہ کہولو راز دل انسان کسی سی باغ عالم مین
گرہ مین بات غنچہ کی طرح مانند زر باندھا ہے

عدم کی راہ لی نازک خیالی پر جو دل آیا
ہوے گم آپ ایسے ہمنے مضمون کمر باندھا ہے

غضب کے ساتہ کی صیاد نے ہمپر عنایت بہی
ہمارے مرغ دل کے پر ادھر کہولے ادہر باندھا ہے

جہڑی نیسان کی اب مین یاد دندان مین لگا ہے جان
کہو شبنم سے اپنے دامن گل مین گہر باندھا ہے

بہروسا کیا ہے اس دار فنا مین زندگانی کا
تصور مرگ کا انسان نکیون آٹہون پہر باندھا ہے

نہ نکلا شعر حجیبؔ کا ہماری طبع موزون سے
ہزارون زلف کی مضمون ہمنی رات بہر باندھا ہے

۳۳۲

نظارے روی انور کے کرون ای نور خوش ہو کر
کوئی آنکھون کا پردا گر در دلدار پر باندھا ہے

۱۳

عاشق کا گہر ہی کوچہ جانان کے پاس ہے
بلبل کا آشیان چمنستان کے پاس ہے

سینہ مین دل جگر نہین جانان کے پاس ہے
کوٹہی کا مال سب مرے سلطان کی پاس ہے

الفت مین لب کی ڈوب مرو لگا کوئین مین یہ
چاہ ذقن بہی چشمۂ حیوان کے پاس ہے

قبضہ مین یار کے ہی دل ناتوان مرا
یہ مور دد توں سے سلیمان کے پاس ہے

مینی و رخ کا خال تمہارے سے یہ کہلا
مشکبو کا پہول رحل پہ قرآن کے پاس ہے

کہتا نہین ہے کلمۂ حق کوئی یار سے
ایمان گبر کے نہ مسلمان کے پاس ہے

صحت ہو دین جو بوسۂ عناب لب مجہے
دار و سے درد عیسی دوران کے پاس ہے

اک نقد دل تہا سو پہلے ہی وہ نذر کر دیا
دولت نہ مال عاشق نالان کے پاس ہے

وندان و لب کا فکر سے عقدہ مجہے کہلا
ہیرے کی کوئی کان بدخشان کی پاس ہے

بدمستیون مین خوب لٹائین کے پہول ہم
مے کی دکان صحن گلستان کے پاس ہے

گھیرے ہوئے ہین شہر کے سارے حسین مجھے
مجمع پری وشون کا سلیمان کے پاس ہے

ہر وقت ہی خیال مجھے اپنے یار کا
مین یان ہون دل مرا مری جانان کی پاس ہے

۳۳۳ — ۱۵

گیسو قریب روے منور نہین ہے نور
ٹکرا یہ ابر کا مہ تابان کے پاس ہے

فلک پہ برق جو ابر نور اضطراب مین ہے
پری جمال کوئی پردۂ سحاب مین ہے

تمہارے رخ کی ملاحت سب آفتاب مین ہے
جبین کے نشہ بہلا گیا نمک شراب مین ہے

جو بات یار کی اک حسن لاجواب مین ہے
نہ ماہتاب مین ہی اور نہ آفتاب مین ہے

کیا ہے پیر جوانی مین بار عصیان نے
کمر خمیدہ کمان کی طرح شباب مین ہے

ہوا ہے جب سی مجھے شوق روی زیبا کا
کمال جان تمنا مری عذاب مین ہے

نہین ہے چاند یہ ابر سیاہ کا ٹکڑا
کسیکا چہرۂ پر نور یہ نقاب مین ہے

شب وصال مین جاگے نہ بخت خوابیدہ
کہ آج شام سے وہ رشک ماہ خواب مین ہے

جلائے آنکھون کے پردے رخ منور نے
غضب کی تیز حرارت اس آفتاب مین ہے

تمہارے عارض روشن سے کسکو نسبت دون
جلن تو مہر مین ہی داغ ماہتاب مین ہے

جلا کے دل کو نئی گرمیان وہ کرتے ہین
کہ اس سے بڑھ کے مزا کب کسی کباب مین ہے

قدم حضور ذرا دیکھ بھال کر رکھیے
ہماری آنکھ کا حلقہ ہر اک رکاب مین ہے

پڑا جو عارض رنگین کا عکس انگیا پر
تو سمجھا مین مئے گلگون بھری حباب مین ہے

مین چھیڑتا ہون جو اونکو بگڑ کے کہتی ہین
تمہاری بات سے بس جان اک عذاب مین ہے

بڑھانا چاہیے صحبت کا یار سے ای دل
سنا ہی ہمنے عدو آجکل عتاب مین ہے

۳۳۴ — ۱۷

وہ چھپتے غمزے کرین نور اونکو زیبا ہے
کہ لطف ناز و ادا موسم شباب مین ہے

جسمین دل کو رنج ہو پھر وہی پھر بات کی
صبح کے ہوتے ہی بھولے سب لگاوٹ رات کی

عشق جانان مین نہ گذرا ایکدن بھی چین سے
زیست بھر رنج و مصیبت مین بسر اوقات کی

نازنین گلشن مین ہوتا ہی جو وہ محو خرام
رنگ سوسن کا اوڑاتی ہی اوداہٹ گات کی

وصل کی شب کا مزا شرم و حیا نے کھو دیا
لاکھ مین چھیڑا کیا لیکن نہ اونسنے بات کی

غافلو پیری کی سفیدی موت کا پیغام ہے
چاندنی بہر مسافر سم ہے پچھلی رات کی

ہر گل شاداب پژمردہ ہے اشک و آہ سے / ناموافق ہو گئی کیسی ہوا برسات کی

غنچۂ دل کو شگفتہ کرتی تھی باد مراد / یاد ہے ٹھنڈی ہوا ای جان پچھلی رات کی

صبح کے ہوتے ہی گھر اپنے سدھارا وہ قمر / ہو گئی برباد مخفی حیف ساری رات کی

کسطرح منہ سے پیاؤں بادۂ گلرنگ کو / دیتی ہے ترغیب مجھ کو خوشی گھٹا برسات کی

عندلیبوں نے نگاہ بد کی خاطر باغ میں / چاند سے رخسار پر سورج مکھی خیرات کی

مانگ زلفوں میں جو اوس ہی کو نظر آئی مجھے / خضر دل سمجھا کہ یک ڈنڈی ہے یہ ظلمات کی

نیند آنکھوں سے اڑی شک جو سیاہی کا ہوا / ہر عاشق تھی بلائے جان اندھیری رات کی

بہینی بہینی تھی دلہن کی شکل خوشبو یار میں / دیتی تھی لطف بہار خوب لوٹ رات کی

واہ ری قسمت کسی صورت نہ وہ دم پر چڑھا / سیکڑوں فقرے دلی کیا کیا نہ میں نے گھات کی

کچھ نہ کچھ ہونا ہی ہے غمازوں نے اونکی کان میں / بے سبب جو ترک اونسے دوستی ہیہات کی

عالم پیری ہے سر کیونکر نہو اپنا سفید / صبح صادق دور کرتی ہے سیاہی رات کی

٣٣٥ وصل کی شب کی خوشی غم سے مبدل ہو گئے / نور وہ کچھ چپ ہوے ایسے نہ شب بھر بات کی ١٣

جان دیتا ہے نہ ملتا بت ہر بابی سے / نور مجبور ہوں اس دل کی میں بیتابی سے

پوچھیے کر رخ کا پسینا جو جبین میں ٹھہر کو / رنگ دونا ہوا ہر اک پھول کا شادابی سے

لب نازک پہ وہ لا سکے کو جا کر بوسے / رنگ بڑھکر نہیں ہوتا کوئی عنابی سے

وقت گلگشت جو عکس رخ پر نور پڑے / رشک خورشید کو ہو باغ کی مہتابی سے

درد دل کے جو ٹھہرنے سے ذرا لگتی ہے آنکھ / چونک پڑتا ہوں شب ہجر میں بدخوابی سے

اوڑھکر سوؤ جو شبنم کا دوپٹہ شب کو / چادر ماہ کو نسبت نہو شب خوابی سے

بے طلب سیکڑوں ان میں سیم بروں کو دیتا / ہاتھ ملتا ہوں فقط زر کی میں نایابی سے

شب کو اوس ماہ نے آنے میں توقف جو کیا / دل کو تھامے ہوے دوڑا گیا بیتابی سے

شب مہتاب میں وہ مہ جبیں جو کوٹھے پر / نور خورشید جھلکنے لگے مہتابی سے

تا لب بام ضیائے رخ جانان جو گئے / روشنی مہر کی پیدا ہوئی مہتابی سے

شام سے پھر کی گھر میں جو سحر کا عالم / جھانکتا ہے کوئی مہرو مجھے مہتابی سے

پوچھیے کیا ہو سحر کی سے تڑپ کر میں نے / آگیا منہ کو کلیجہ مرا بیتابی سے

٣٣٦

یاد آئے نور جو اوس ابر کرم کی آئی
برق کی شکل تڑپنے لگا بیتابی سے

١٧

جو دل کو زلف صنم کا خیال ہوتا ہے ؎ یہ دم اولجھتا ہے سودی کا حال ہوتا ہے
کبھی جو وصل کا اونسے سوال ہوتا ہے ؎ جواب صاف سے حاصل ملال ہوتا ہے
جو دل مین بوسۂ رخ کا خیال ہوتا ہے ؎ تو اونکا گال نزاکت سے لال ہوتا ہے
ذلیل و خوار و زبون خستہ حال سودائی ؎ فراق یار مین آخر یہ حال ہوتا ہے
جو چھیڑتا ہون مین اونکو بگڑ کے کہتے ہین ؎ تمہاری باتون سے مجکو ملال ہوتا ہے
وہ سرو ناز جو آتا ہے سیر گلشن کو ؎ خوشی سے پھول کے غنچہ نہال ہوتا ہے
تمہارے سر کی قسم کہا کے یار کہتا ہون ؎ وہ چال چلتی ہو دل پائمال ہوتا ہے
جو کل تہا پاس ہمارا اوہنین وہ آج کہان ؎ مزاج یار کا بھی انتقال ہوتا ہے
بنائے جاتے ہین بیٹھے سلائی سے دن بھر ؎ مرے پہنانے کو طیار جال ہوتا ہے
اب اپنا دور ہے آگے تہا دور مجنون کا ؎ ہر اک زمانے مین اک ذی کمال ہوتا ہے
زبان کو ذائقہ عناب لب کا ملتا ہے ؎ کبھی جو ہمکو عنایت اوگال ہوتا ہے
پئے عیادت بیمار جب وہ آتے ہین ؎ مریض عشق کا چہرا بحال ہوتا ہے
غرور حسن دو روزہ یہ یار بیجا ہے ؎ کہ ہر کمال کو آخر زوال ہوتا ہے
تصور رخ انور مین نیند اوڑتی ہے ؎ جو خواب مین بھی تمہارا خیال ہوتا ہے
برنگ غنچہ سربستہ ہے دہن اونکا ؎ کلام کا بھی تو کرنا محال ہوتا ہے
یقین ہوا ہمین کچھ رنگ لائیگی مہندی ؎ وہ ہاتھ ملتے ہین ہمکو ملال ہوتا ہے

گلے یہ چلتی ہے پان رشک سے چھری کی طرح
کوئی جو تیغ نگہ سے حلال ہوتا ہے

١٣

اوٹھا کے صدمۂ داغ فراق ماہ چلے ؎ جہان سے آرزوئے وصل لیکے آہ چلے
فراق یار مین دی جان عاقبت ہمنے ؎ زبان سے جو کہ کہا تہا اوسے نباہ چلے
طریق عشق سے باہر کبھی قدم نہ دہرا ؎ جو سالکون نے بتائی ہمین وہ راہ چلے
عدم سے آئے جو ہستی مین یہ ہوا حاصل ؎ کہ لیکے پیٹھ پہ پشتارۂ گناہ چلے
گذر ہوا ہمیں برزن صراط پر اپنا ؎ کہ بال سے بھی جو باریک تہی وہ راہ چلے

غریب خانہ مین رکھا قدم نہ بھولے سے
کوئی نہ گلشن دنیا مین آرزو نکلے
قدم قدم پہ دل زار پس گیا شب کو
بلا کے گھر مین کیا زر جان کو تمنی ہلاک
ہوئی جو عدل پہ مایل طبیعت جانان
ابھی تو ایک کے دو دو کے چار ہو جائین
ہوا نہ نالۂ مظلوم کا اثر ظاہر

ہمیشہ کاش کہ وہ میرے گھر کی راہ چلے
ہزارون حسرتین ہم دل مین لیکے آہ چلے
بگڑ کے بانکپنے اس ناز سے وہ واہ چلے
غضب کی چال تم اے رشک مہر و ماہ چلے
تو عرض حال لیے ہاتھون مین داد خواہ چلے
جو حکم ہو تو رقیبون پہ تیغ آہ چلے
فراق یار مین کیا کیا نہ تیر آہ چلے

۳۳۸

کرینگے جوہر تیغ نگہ سے کسکو شہید
وہ نور سرمہ لگا کر ہین قتل گاہ چلے

۱۵

وفاداری کا تھا جن پر یقین وہ بیوفا نکلے
جو صحبت تخلیہ کی ہو تو پھر دل کا مزا نکلے
تمہاری پاس رسوائی سے ڈرتا ہین جھگڑتا ہون
نہ سو و ساتھ تو بوسہ ہی دو رخسار گلگون کا
شب وصلت مین دور بادۂ گلگون مناسب ہے
جبین سے نور افشان ہے گل بیداغ چہرا ہے
عدم کی راہ لے بھولے جو رستہ کوے جانانکا
ترس آیا تڑپنے پر نہ میرے وای بیدردی
مجھے بھی وہ صنم خلوت کدہ مین یاد فرمائے
پری ہو حور ہو یوسف سے بڑھکر خوبصورت ہو
ہزارون ہر طرح کے گل ہین یون تو باغ عالم مین
یقین ہے بھول جائیگا نہ کوئی نام یوسف کا
صفا ہے یہ ہتھیلی گر ملو وہ ہاتھ مین مہندی
برنگ موج ڈالون ہاتھ گردن مین مزے لوٹون

جنہین ہم آشنا سمجھے تھے وہ نا آشنا نکلے
بر آئے آرزو ارمان نکلے حوصلا نکلے
بھلا کیا دخل اسکا ہے جو نالی مین صدا نکلے
دل وارفتۂ عاشق کا کچھ تو حوصلا نکلے
جو وہ نشہ مین بیخود ہون تو پھر دل کا مزا نکلے
وہ کوچہ کیون نہ روشن ہو جدہر وہ مہ لقا نکلے
ارادہ تھا کدہر کا کسطرف بے قصد جا نکلے
برے سے بے رحم تم نکلے برے تم بیوفا نکلے
کبھی حسرت دل ناشاد کی بھی انجدا نکلے
خریدار ہین کا دم تم پر کسون آئے بقا نکلے
مین اوس گل کا ہون عاشق جسمین کچھ بوے وفا نکلے
کسی دن گر وہ بے پردہ سر بازار آ نکلے
تو نیت دست مین سب ہو مگر رنگ حنا نکلے
محیط عشق مین کوئی جو صورت آشنا نکلے

۳۳۹

اوٹھاؤ ناز اوسکے ناز اوٹھانے کے جو قابل ہو
کرو معشوق وہ اے نور جسمین کچھ ادا نکلے

۲۱

حرارت سے تپ فرقت کی دل سینہ میں جلتا ہے
غضب کی آگ بھڑکی ہے دھواں منہ سے نکلتا ہے

کہو اس بیوفا سے بام پر آنا مناسب ہے
جنازہ تیرے عاشق کا ادھر سے اب نکلتا ہے

خیال آتا ہے قاتل کو جو میری بیکلی کا
بہانے سے وہ مہندی کی کف افسوس ملتا ہے

لگی ہچکی جو مجھکو شکل مینا یاد ساقی میں
تو سمجھے دیکھنے والے کسی پر دم نکلتا ہے

یہ حالت ضعف سے ہے اب مریض درد ہجران کی
برابر غش پہ غش آتے ہیں جب کروٹ بدلتا ہے

مجھے بیتاب پاکر چھیڑنے کو میرے کہتے ہیں
چڑھا ہے عشق کسکا سر پہ کسپر دم نکلتا ہے

تصور دل کو جب آتا ہے ان رنگین اداؤں کا
برنگ برگ گل ہاتھوں سے کوئی دلکو ملتا ہے

یہ رعب حسن ہے دیکھا جہاں اوس بحر خوبی کو
کلیجہ ماہیے بے آب کی صورت اچھلتا ہے

نہ طفل اشک کو کس طرح میں نور نظر سمجھون
یہ وہ ہے گوہر نایاب جو آنکھوں میں پلتا ہے

بتوں کا موم دل ہوتا ہے میری آہ سوزان سے
وہ پر تاثیر نالے ہیں کہ پتھر بھی پگھلتا ہے

شباب چند روزہ کو غنیمت اے گلو سمجھو
بہار حسن ہوتی ہے خزان جوبن جو ڈھلتا ہے

لیا بوسہ جو پیشانی کا برہم ہو گئے مجھسے
مقدر سے نہیں انسان کا کچھ زور چلتا ہے

ستم ڈھایا غضب ہے ہونے اونکے جان بسمل پر
وہ کیا روٹھے کہ خنجر بھی گلے پر رگ کے چلتا ہے

شب فرقت میں ہے سر ہونہ کیونکر صورت بسمل
کلیجہ دونوں ہاتھوں سے صریحاً کوئی ملتا ہے

غضب ہے پھر عاشق غیض اوس ترک جفا جو کا
لرزنے لگتا ہے دل وہ جہاں تیوری بدلتا ہے

نہیں ہرگز کوئی اوس سے سپاہی جامہ زیب عالم میں
پھٹا پڑتا ہے جوبن وہ جہاں کپڑے بدلتا ہے

اشارا تیغ پر چلنے کا جب میں اونسے کرتا ہوں
تو وہ شرما کے کہتے ہیں کہ میرا دل دہلتا ہے

مجھے یاد آتا ہے جب وہ گرم صحبت شعلہ رویوں سے
رقیب سیہ کیا کیا مری صورت سے جلتا ہے

تماشا دیکھنے آئے ہیں خود وہ رقص بسمل کا
تڑپ لوں اے اجل دم بھر دل قاتل بہلتا ہے

زبان کھولی نہ ہم بھی تا شکایت کرتے اپنا شکوہ سے
رگوں میں جوش کھاکر خون دل اپنا ابلتا ہے

۱۵

مرصع ہے غزل کیا کیا در مضمون نکالے ہیں
ہمیشہ فکر وصف لعل لب میں لعل اوگلتا ہے

جو فاتحہ کو وہ عیسی سر مزار آئے
تو روح جسم میں آنکھوں میں جان زار آئے

گلابیاں لیے ہاتھوں میں وہ نگار آئے
مزے اوڑیں جو کہیں موسم بہار آئے

وہ کھیلنے نکلے ہم سے اگر شکار آئے
فلک سے ابر بھی باغ میں بہار آئے

ہوئے جو کثرت عصیاں سے حشر میں محجوب
خدا کے سامنے آئے تو شرمسار آئے

جو خاک دشت میں بھی ہوں وہ باوفا ہوں میں
کہ اوڑ کے کوئے صنم میں مرا غبار آئے

تمہیں تو باعث آرام جان مضطر ہو
تمہارے ہجر میں کیونکر مجھے قرار آئے

چلے گئے جو کہا میں نے یا علی مدد سے
نظر فرشتے جو مجکو تہ مزار آئے

نہ ہوگا تم سا بھی وعدہ خلاف دنیا میں
کہا تھا شب کو میں آؤنگا خوب یار آئے

سر اپنا پھینک دیا آپ کا شکر ہے ہمنے
یہ بوجہ گنج شہیداں میں ہم اوتار آئے

پڑے جو عارض رنگین یار کا سایا
تو شاخ گل میں ابھی پھول بے بہار آئے

حرم میں دیر میں گلشن میں بھی کیے نالے
ہر اک مقام پہ جا کر تمہیں پکار آئے

کسی حبیب نے آواز دی نہ مرقد سے
اگرچہ شہر خموشاں میں بھی پکار آئے

غضب کی شوخ طبیعت ستم کی باتیں ہیں
جو محو ناز ہو کیونکر نہ اوسکو پیار آئے

کسی نے یہ نہ کہا یار سے پس مردن
جنازہ قبر میں عاشق کا ہم اوتار آئے

۱۴ — ۱۳

عدم کی راہ کا ڈھرا ہے کسقدر جاری
جو نور بانخ ادھر کو گئے تو جا پہ سار آئے

وہ پر ضیا ہے شکل مہر رشک ماہ کی
چمکی زمین پہ برق جو نیچے نگاہ کی

محشر میں اوڑ کے آگئی رحمت اله کی
باعث نجات کی ہوئی کثرت گناہ کی

کیا سنگ دل ہے یار پسیجا نہ دل ذرا
کیا کیا نہ میں نے ہجر میں حالت تباہ کی

مجھسا بھی خوش بیان نہ ہوگا جہان میں
دو باتیں کر کے دل میں حسینوں کے راہ کی

اظہار عشق زلف میں او نکھوں میں کسطرح
فر فر زبان چلتی ہے سچے گواہ کی

خالوں کا روے یار کی بندہ ہے عشق
دلبر مرے چڑھائی ہے زنگی سیاہ کی

وہ رند ہوں کہ دست درازی اگر کروں
ٹوپی اوتار لوں فلک کج کلاہ کی

غافل خیال چاہیے روز حساب کا
دینگے فرشتے ہاتھ میں فردیں گناہ کی

دہوکا ہوا ہے لیلے محمل سوار کا
جب دم بگولا بن کے اوٹھی گرد راہ کی

اچھی نہیں ہیں روز کی آرائشیں حضور
جائے گی مفت جان کسی بے گناہ کی

دن کا بھی رنگ سایہ کی صورت سیاہ ہو
تاثیر دیکھتا مرے بخت سیاہ کی

دل کی طپیدگی کا بیان شہر شہر ہے
دہومیں ہیں انکے نالہ و فریاد و آہ کی

۳۴۲ — ۱۵

ذرّے سے آفتاب منور بنا دیا
اے نور اوسنے مہر کی جسپر نگاہ کی

ہنستی ہی مجھسے نور یہ شوخی نگاہ کی
مدت کے بعد داد ملی داد خواہ کی
قاصد نے پھر طلب نکیا یار سے جواب
بجلی سی کوندہ جاتی ہی ملتی ہی آنکھہ کے
دندان صاف تارے ہین درج دہن کہر
ٹکڑے ہوے تو جان تلاطم مین پڑگئی
اللہ رے زور نالہ درد فراق کا
ناآشنا ہو اور رکھون مزاج ہو
تم وہ حسین ہو تمپہ زمانہ ہی شیفتہ
زخمی کیا ہے تیغ ادا نے دل و جگر
سایہ نہین ہے زلف کا ابروی یار پہ
وہ ناتوان ہون جسم جہان ہی نہان نظر
شوق ہوای وصل نے برباد کر دیا
ریش سفید زال ہے رحمت کی غافلو

ہی موت میرے ہاتہ کسی بیگناہ کی
کیا منصفی ہے یار عدالت پناہ کی
کہا بیٹھے وہ قسم جو رسالت پناہ کی
کرتی ہے کام برق کا تیزی نگاہ کی
صورت ہی مانند دلبر روشن نگاہ کی
برچھی لگی جگر پہ جو سیدھی نگاہ کی
ہل ہلگیا ہے عرش جہان مین نے آہ کی
تمسے بھلا ہے کونسی صورت نباہ کی
یوسف کی ایک حرف زلیخا نے چاہ کی
نکلے دہن سے کیون نہ صدا آہ آہ کی
آندہی اوٹھی ہے کعبہ سے گرد سیاہ کی
پھبتی کہی ہے جسم پہ تار نگاہ کی
طوفان عشق نے مری کشتی تباہ کی
دہوئی خدا نے منہ سے سیاہی گناہ کی

۳۴۳ — ۱۷

کہہ مجھہ گدا کا منزل مہتاب ہوگا نور
آمد ہے بادشاہ فلک بارگاہ کی

پسینے کے جو قطرے رہ گئی رخسار پر تھم کے
خیال زلف مین اٹھی ہین دل شیشہ مین غم کے
تماشا دیکھی او ہمی اے رشک گل تم بھی
لب ساحل گرداب گرشتہ مرگان سفید فر
پڑا پھر تو جو پہ پافت زری کا روی رنبار پر
بہلا جنت مین کیا گندم کی کھانے کی ضرورت تھی
تمہین تو ای پری پیکر و روئی مریم احسان ہر

مین سمجھا آفتاب حسن پر دانی ہین شبنم کی
بھرے ہین آب نظور دیدہ ہی تتالے تجلی عالم کی
ہزاروں جھوٹتے ہین سوز حوض چشم پرنم کی
بزنگ برف ریحان کی کف دریا ابھی جسم کی
تو کندن کی طرح کیا گال دہوتی یار کو دم کی
خدا جانے کہ کیا یہ دہن مین آیا تھا آدم کے
یہ سب یار و تمہین جلسے عشرت کے ہی فقط دم کے

مزا ہو پھر جو وہ گل کی طرح نشہ میں بیخود ہوں
نقاب اوس آفتاب حسن نے اوڑھی جو چہرہ پر
غضب کا سامنا ہے لوٹتا ہے سانپ چھاتی پر
دہن کا دوگے گر بوسہ ثواب حج تمہیں ہوگا
خیال کعبۂ ابرو میں جاری ہیں سدا آنسو
چڑھائی لشکر اندوہ کی ہے کشور دل پر
خداوندا ہمارا حال بعد مرگ کیا ہوگا
غضب میں جان ہے دل پھنک رہا ہے سوز فرقت سے
زمانے کو سواد لخت دل بیتاب کا دھوکا

کہ ہم تو دیکھنے والے ہیں ابرو اور عارض کے
چکا چوندا آگئی رخسار شکل برق جو چمکے
زمین ازدر رکا ہے حلقے نہیں ہیں زلف پرخم کے
بہت مدت سے ہم پیاسے ہیں آب چاہ زمزم کے
ہماری دیدۂ تر ہیں کہ دو سوتے ہیں زمزم کے
ہماری آہ کے تکے نہیں لگڑی ہیں پرچم کے
نہ ہم جنت کے قابل ہیں نہ قابل ہیں جہنم کے
نہیں ہیں نالۂ آتش فشاں شعلے جہنم کے
جو مقتل کی زمیں پر خون میرا رنگیا جم کے

پریشان ہونگے سنکر نالۂ پُر درد عاشق کو
ملینگے نوحہ جیبو کی ہوائی مخمل ماتم کے

عیش میں ہے پیش نظر موت کا ساماں رہے
کنگھی چوٹی میں تو مصروف وہ ہر آن رہے
محو نظارۂ جاناں جو کوئی آن رہے
دیر تک تم متکلم جو مری جان رہے
جو زباں سے کہے انسان بنا ہے اوسکو
غسل میت جو کیا یار نے سمجھے پہنی کفنی
بار اٹھانا نہ کسی اور سے منت کش ہوں
کھینچدو ما مجھے یہ میرے الف آزادی
کوچۂ یار کو جنت سے سوا سمجھے ہم
برسوں اس دشت جنوں زا کی لیت و الہی
بیٹھ رہنے کے لیے اوس گھر سے پوچھا میں نے
ماہ کی طرح دم صبح سدا یار کے گھر کو
صورت اشک رواں اشک حسرت نکلی
خون ناحق نہ کسیکا ہو سر دست الٰہی

پہنے خلعت تو کفن کا بھی ذرا دھیان رہے
ہم یہاں کوچۂ گیسو میں پریشان رہے
دل پہ قابو نہ رہے بس میں نہ پھر جان رہے
آدمی کیا ہمہ تن گوش بنی جان رہے
وضع کا پاس رہے بات کا بھی دھیان رہے
بعد مرنے کے بھی ہم چاک گریبان رہے
میری گردن پہ سرے یار کا احسان رہے
عاشق سرو قد ناز کی پہچان رہے
شکل رضوان در محبوب کے دربان رہے
صورت جیب سحر چاک گریبان رہے
یہ تو بتلاؤ کہاں شب کو مری جان رہے
رات کی رات مرے گھر میں وہ مہمان رہے
دیدۂ دل میں ہزاروں مرے ارمان رہے
مہندی ملتے ہو تو اسکا بھی ذرا دھیان رہے

ظالم کو رحم سے نہیں ہوتا ہے کچھ حظ
ای دل نہ کیون وہ مائل ظلم و ستم رہے

گھڑیاں جو جلد جلد شب وصل کی گئیں
سمجھا میں زندگی سے بہت روز کم رہے

دہوتین برنگ مہر ہون حسن صبیح کی
یارب ترقیون پہ جمال صنم رہے

رتبہ برنگ عرش معلے بلند ہو
دائم عروج یار فریدون حشم رہے

لیلوفشم جو آنکھ نہ لگی ہو فراق میں
بیدار شکل دیدۂ تصویر ہم رہے

پاون نہ ڈگگا نہ جادۂ راہ صراط پر
ہم راہ خضر خط میں یہی ثابت قدم رہے

۳۴۷

منظور نور تمکو اگر خیر نفس سے ہے
گردش میں جام مے رہی بر میں صنم رہے

۱۳

ناز کیا چیز ہے نور سحری کیا جانے
وہ قمر سوزش داغ جگری کیا جانے

وہ حسین مرہم زخم جگری کیا جانے
سوزن موی مژہ بخیہ گری کیا جانے

ای قمر چال اوڑا سے تو اوڑا سے تیری
نازو انداز ترا کبک دری کیا جانے

کتنے ناسمجھ ہیں شاعر جو ہیں دیتے تشبیہ
رگ گل یار سی نازک کمری کیا جانے

کھولتا ہی گرہ دل کو وہ ہر حکمت سے
ناخن عقدہ کشائی ہنری کیا جانے

توڑ سکیو نکر نہ کرے تیر کمان کم زور
آہ مظلوم بہلا بے اثری کیا جانے

عشق میں کوہ کنی کاہ برا ور دلا ہے
نقش فرہاد کوئی دردسری کیا جانے

مرتے ہی گور کی منزل میں پہنچ جاتا ہی
منتہی راہ عدم کا سفری کیا جانے

نیک طینت کو ہر ومند خدا رکھتا ہے
نخل امید مرا بے ثمری کیا جانے

بحرو بر عشق جنون زا کی بدولت ہہلانے
قیس ماہیت خشکی و تری کیا جانے

ناربستان سے ہی نخل قد دلدار نہال
صورت سرو چمن بے ثمری کیا جانے

ہو کمند ار رشتۂ گیسوی پری پیکر ہو
میری صورت کوئی آشفتہ سری کیا جانے

۳۴۸

وقت کا اپنے سلیمان ہو ہنین میں بہلا کیا نور
ہیں ارشد مراد وہ رشک پری کیا جانے

۱۲

عدم کو جو ہم ناتوان جائیں گے
کمر کی طرح بے نشان جائیں گے

وہاں جاؤ نگا وہ جہاں جائیں گے
وہ ہاتھوں سے میرے کہاں جائیں گے

ادھر سے نہ پائیں گے تیری کا لطف
ادھر ارمان ہم نوجوان جائیں گے

آتش رشک سے اغیار جلے ہین کیا کیا
آج گلزار مین گلچین کی ہے آمد آمد
اوس قمر کے رخ انور پہ جو گردن کی طرح
حق تعالی نظر بد سے بچائے تجکو

گرم گفتار یہ جو تم مجھسے مری جان رہے
کہدو بلبل سے کہ ہر گل کی نگہبان رہے
دل عشاق تصدق رہے قربان رہے
چشم نرگس تری آنکھونکی نگہبان رہے

٣٤٥

بدلے دشنام کے دین نور دعائین ہین نے
گالیان دیکے وہ تا صبح پشیمان رہے

١١

چل بسی جان مرا خانہ تن خالی ہے
لاغری سے نہ ملا مین تو فرشتے بولے
چاہیے داغ کسی ماہ لقا کا دل مین
چھیڑنے کو مرے اشعار وہ پڑھکر بولے
منہ ترا موتیون سے وقت تکلم بہتر تھا
بلبلو آج مزے لوٹو بہار گل کے
جان دی فصل بہار مین پھڑک کر مین نے
مجمع بزم مین ہین آج زمانے کے حسین
فہم و ادراک کہان رمز جو سمجھے تیری
بعد مرنے کے مری قبر ہو اوس کوچہ مین

وائے حسرت کہ مسافر سے وطن خالی ہے
اک تماشا ہے کہ مردے سے کفن خالی ہے
اک مدت سے مرا خانہ تن خالی ہے
گل تازہ سے ترا باغ سخن خالی ہے
ہاتھ زر سے مرا ای غنچہ دہن خالی ہے
شکر کی جا ہے کہ گلچین سے چمن خالی ہے
قفس بلبل اندوہ و محن خالی ہے
اک فقط جا تری ای عہد شکن خالی ہے
مصلحت سے نہین کوئی بھی سخن خالی ہے
کہ زمین تھوڑی سی ای چرخ کہن خالی ہے

٣٤٦

نور زر صرف کرو وصل اگر ہے منظور
آج کل سنتے ہین وہ سیم بدن خالی ہے

١٤

صد مراد اٹھائی ہیچ سے دل پہ غم رہے
دائم اسیر زلف سیاہ صنم رہے
پیش نظر جو ہووے میان صنم رہے
فرقت مین جانین کو اندوہ و غم رہے
تا سر لگا کا روی ماہ پہ دلکو یقین ہوا
ہمبھی خدا پرست ہے مجھے زاہدان شہر
شبنم کے قطرون کا گل نرگس پہ شک ہے

روز ازل سے کشور ظلم و ستم رہے
تا زیست اس بلا مین گرفتار ہم رہے
دلکو خیال جادہ راہ عدم رہے
صدمے مجھے رہے تو اونہین بھی الم رہے
یہ کس عرق کے قطرے جو عارض پہ نم رہے
ہر دم مری زبان پہ جو نام صنم رہے
آنسو جو چشم یار پر ... نم رہے

پھونک دی خرمن ہستی عدو صورت برق
گر ہوا نیک مری آہ شرربار سے جلے

یار آتا نہیں اسے نور بقول ناسخ
ہائے اے منتظری دیدۂ بیدار ہے

۳۵۰ — ۱۹

ازل سے ہی جو اک قلبی محبت مجکو ہے گل سے
بنایا کالبد صانع نے میرا خاک بلبل سے

شری پن کا سبب پوچھو اسیر دام کاکل سے
ہوا جوش جنوں کا ولولہ زنجیر کے غل سے

بھر آئے شکل شبنم اشک حسرت خندۂ گل سے
ہوا صدمہ چمن میں روح کو فریاد بلبل سے

دم رفتار پاپوش زری کی بیل جو چمکی
ہوئے گل نور کے پیدا زمیں پر نقش کے گل سے

صراط اس دل جسے کہتے ہیں وہ باریک ہے ہے ہجر
کہ جو ثابت قدم ہیں وہ اوتر جائینگے اس پل سے

مزا بھی ہے حاصل ہوا یا وہ پرستی کا
صدا آئی جو مستانہ تری شیشی کی قلقل سے

قناعت کے مزے سے ہی زبان ہو آشنا اپنی
کوئی لقمہ اگر رزاق دے خوان توکل سے

اثر رکھتے ہیں بیشک نالۂ پردرد عاشق بھی
گلوں کا پل گیا دل باغ میں فریاد بلبل سے

بط مے نے اوڑا کے ہوش جامی سے کیا باہر
ہوئی خود رفتگی حاصل مجھے شیشہ کی قلقل سے

حسیں بھی مبتلائے انقلاب چرخ گرداں ہیں
کھلا یہ ماہ کی ہمکو ترقی و تنزل سے

ہزاروں طفل ناداں ساتھ ہیں سنگساری پہ
چلا ہوں جانب دشت جنوں میں کس تجمل سے

دہن ہے غنچۂ ناشگفتہ آنکھیں ہیں گل نرگس
قد موزوں تو سرو ناز ہے گیسو ہیں سنبل سے

جو کی بالوں میں کنگھی روشنی سے اوس پری رو نے
تو بوئے مشک و عنبر صاف آئی شیخ کے گل سے

کہیں ایسا نہو آئی ہیں یاں وہ سہو فرمانے
فقط ڈر ہے دل بیتاب کو اونکے تغافل سے

بہار گل پھرا دے دشت جنوں کر جا کے مالن کو
جنوں زا کب ہے کوئی فصل بڑھکر موسم گل سے

نگاہ نیم خوابی سے کیا اوس نرگس نے گستہ
مجھے بے موت مارا رات کو تیغ تغافل سے

مجھے اپنی نگاہ مست کا بوسہ دے ای ساقی
چھکا دے مے پرستان ازل کو ساغر گل سے

سوال بوسۂ لب پر عبث حجت رہی ہمسے
جو ہاں بھی یار نے کی تو نہایت ہی تامل سے

سوار دوش ختم المرسلیں کا ہے فرس لا یدل
ملے نور اپنی آنکھوں کو نہ کیونکر پائے دلدل سے

۳۵۱ — ۱۵

جانب دشت دل زار لیے جاتا ہے
جوش سودا سوئے کہسار لیے جاتا ہے

دل مرا جبیں کے دلدار لیے جاتا ہے
لوٹ کر مال خریدار لیے جاتا ہے

نہیں غم ہے مرنے کا پر ہے یہ غم
خدا جانے یان سے کہان جائین گے

خزان ہوگا باغ طلسم شباب
ہوس ناک سوے جنان جائین گے

ہماری طرح کسکو پہنچیگا یہ سر
زمین مین جو اے آسمان جائین گے

جو منعم عمارت مین مصروف ہین
یہ کیا ساتہ لیکر مکان جائین گے

رہونگا مین سایہ کے مانند ساتہ
کہ وہ مجھسے چھپ کر کہان جائین گے

یہ عشرت سرا ہوگا ماتم سرا
گھڑی بھر جو وہ میہمان جائین گے

نہ اولجھاؤ گیسو مین تعویذ اسیر
یہ سونے کی پیچہ دہوان جائین گے

ملیگا مزا تلخ کامون کو بھی
جہان پر یہ شیرین زبان جائین گے

پھیل جائیگا نور حورون مین دل
جو ہم سوے دار جنان جائین گے

باغ مین پھول جو اے ساقی میخوار چلے
ساغر چشم لیے نرگس بیمار چلے

ناتوانی سے نئی چال یہ ای یار چلے
نبض دوڑے کی طرح زلف کی بیمار چلے

یون لرزتے ہوے ہم روبروی یار چلے
جسطرح سامنے حاکم کے گنہگار چلے

لیکے پشتارہ گناہون کا نگونسار چلے
ہم سبکبار یہان آئے گرانبار چلے

مثل یوسف وہ پئے سیر جو بازار چلے
زیر کیف صورت گل ہاتہ خریدار چلے

اونکو منظور اگر معرکہ آرائی ہو
ندیان خون کی یہ جائین وہ تلوار چلے

ہم وہ دیوانے ہین صحرا مین اگر جا نکلین
پای بوسی کے لیے دشت سے ہر خار چلے

سکیہ نہ کوئی مرے یار سے انداز خرام
پیس ڈالا دل عاشق کو وہ رفتار چلے

جان کس پیچ سے لی یار نے جاتے جاتے
نکہت زلف سنگھا کر وہ مجھے مار چلے

سامری تک تو ہے اوس چشم فسون ساز سے تنگ
سحر کیا روبرو میری نرگس بیمار چلے

خضر رہ خود مری تکلیف اوٹھاتی جو چلین
آبلے لیکے سوے وادی پرخار چلے

تھام کر ہاتھون سے رہجائی نہ کیونکر دلکو
بس نہ جب عاشق ناشاد کا ای یار چلے

وحشت آباد مین یارب یہ چلین جاری ہم
سکے داغ جنون ہزار سر بازار چلے

گرمیٔ چشم جو تنگی کا سہارا ڈھونڈے
لیکے مژگان کا عصا مردم بیمار چلے

دھوم سے کوئی اگر فصل بہاری تو کیا
جام سے بادہ پرستو نہین نہ دو چار چلے

تو وہ ہے رشک مسیحا کہ تری جانب کو
کھینچکر یہ دل بیمار لیے جاتا ہے

آپ سے تو نہین جاتا ہون مین اوس کوچہ مین
خود مجھے میرا دل زار لیے جاتا ہے

دم ہون پر ہے اوٹھا دو رخ انور سے نقاب
آرزو طالب دیدار لیے جاتا ہے

میرے معبود بھروسے یہ تری رحمت کے
بار عصیان یہ گنہگار لیے جاتا ہے

کیا چمن مین یہ خبر فصل بہاری آئی
دام صیاد جفاکار لیے جاتا ہے

قتل وہ قاتل بیرحم کریگا کسکو
برہنہ ہاتہ مین تلوار لیے جاتا ہے

کسکو تاکا ہے کریگا کسے مست مے حسن
جام ہاتھون مین وہ میخوار لیے جاتا ہے

دم آخر جو ملے لب تو یہ سمجھا وہ حسین
حسرت بوسۂ رخسار لیے جاتا ہے

طور پر صورت موسی مجھے دوڑائے ہوے
شوق نظارۂ دلدار لیے جاتا ہے

مین ہون وہ رند خرابات کہ خود دل میرا
طرف خانۂ خمار لیے جاتا ہے

بعد الحمد لگی میری ٹھکانے مٹی
ہڈیان منہ مین سگ یار لیے جاتا ہے

جوش سودا کا اثر سے چاک گریبانون کو
طرف دامن کہسار لیے جاتا ہے

٣٥٢

نور کا مال خریدین گے حسینان جہان
کھینچے دل سر بازار لیے جاتا ہے

١٧

زبان پہ حرف شکایت کو لا نہین سکتے
یہ خوف ہے کہ لبون کو ہلا نہین سکتے

اسیر زلف ہین بازو ہلا نہین سکتے
پھنسے ہین دام مین پر پھڑپھڑا نہین سکتے

جو مصلحت ہے یہان پردہ آ نہین سکتے
تو بے بلائے ہوئے ہم بھی جا نہین سکتے

عجب ہے آنکھون مین بحر سرشک کا ہونا
سنا تھا کوزے مین دریا سما نہین سکتے

صبا پیام یہ دینا تو اوس ستمگر کو
لگی ہے پاؤن مین مہندی جو آ نہین سکتے

تپ فراق کی سوزش کو پوچھتے کیا ہو
جگر مین آگ لگی ہے بجھا نہین سکتے

گذر حبیب خدا کا وہان ہوا اے دل
کہ جس جگہ پہ فرشتے بھی جا نہین سکتے

ہزارون داغ ہین اے ماہ صورت ماہوش
کلیجہ چیر کے سینہ دکھا نہین سکتے

جسد پاک سے خوف ہمکو اسکا کیا ہے
کسی طرح کی وہ تہمت لگا نہین سکتے

یہ نقش حسن کھلا ہمکو لن ترانی سے
وہ نور حسن سے صورت دکھا نہین سکتے

فراق شعلہ رخون مین عبث کرون گریہ
کہ بحر اشک لگی کو بجھا نہین سکتے

مقام شکر ہے اے دل کہ ناتوانی سے — رقیب کی بھی نظر مین سما نہین سکتے
خطا معاف ہو کیسے ہین آپ تیر انداز — نشانہ پر دل عاشق اوڑا نہین سکتے
کہجوری چوٹی وہ جوڑے کی بدلے گندہوا لیتے ہین — یہ شاخ بوٹہ سے قد کو لگا نہین سکتے
وہ ناتوان ہون کہ احباب بستر غم سے — بغل مین ہاتہ بھی دیکر اوٹھا نہین سکتے
تنک مزاج ہین ایسا نہو بگڑ جائین — ہم اس سے ہاتہ بھی اونکو لگا نہین سکتے

٣٥٣ — ١٣

کرینگے توبہ ہزار دن وہ غمزۂ بیجا
ہم اس سبب سے محبت جتا نہین سکتے

اے ہوس ایسی بگڑی ہو تقدیر بنے — خاک پا یار کی ہاتہ آئے تو اکسیر بنے
سانپ ڈسنے کو جو وہ زلف گرہ گیر بنے — دہن مار سیہ حلقۂ زنجیر بنے
ہم جو اوس ترک کو آرائش ابرو منظور — ذرہ افشان کا ہر اک جوہر شمشیر بنے
تو وہ غارتگر ایمان ہے تری الفت مین — گر مسلمان بھی ہو تو کافر بے پیر بنے
بوجھ سے قلب کا صدمہ نہین اوٹھ سکتا ہے — جان پر میرے نہ کیون آفت لمبی پیر بنے
تیرا نقشہ یہ قدرت نے ہے کھینچا ای مہر — دخل کیا ہے جو مصور سے تری تصویر بنے
زندگی بہر تو تری جور اوٹھانے مین بنے — دیکھین اب زیر زمین کیا فلک پیر بنے
گھورکر دیکھے جو وہ دل ہو نشانہ میرا — ابروے یار کمان تار نگہ تیر بنے
حال قسمت کا جواب خط جانان سے کھلے — وہ جو نامہ مجھے بھیجے خط تقدیر بنے
ہالۂ ماہ دو ہفتہ ہو خط نورانی — نور رخ چہرۂ خورشید کی تنویر بنے
مین وہ مجرم ہون جو گیسو کا ہو سودا مجکو — پھانسی گردن کے لیے زلف گرہ گیر بنے
جھوٹ سچ یار سے باتونکا بنایا گیا تہا — غیر کل بزم مین کیا کیا دم تقریر بنے

٣٥٤ — ١٦

کام کیا ہوئی ہے اے نور وہ قد بوٹا سا
میرے قبضہ مین جو آ جاے تو اکسیر بنے

سوا خورشید سے بھی حسن مین تم اے قمر ٹھہرے — تمہاری عارض پر نور پر کیونکر نظر ٹھہرے
تلاطم مین ہے کشتی جان و دل کیا ای قمر ٹھہرے — یہ وہ دریا ہے ممکن نہین جس سے کلیجہ پاٹ بھر ٹھہرے
تمہارے شعلۂ رخسار کی یہ لو لگی شب کو — برنگ شمع آنکھون سے نہ آنسو تا سحر ٹھہرے
چھپائین فرط الفت سے نکیون عشق دامن مین — کہ جب پروردۂ ناز و ادا لخت جگر ٹھہرے

نہ کیونکر بساط کُلہ راہ محبت لوگ سب سمجھیں
کہ خضر دل طریق عشق میں جب راہبر ٹھہرے

دم آخر عیادت کو مسیحا میرا آیا ہے
کہوں میں صدمہ درد جدائی دم اگر ٹھہرے

جو ملک عطر صندل کا سنگھاتو تم دوپٹہ کو
طبیعت ہو بحال اپنی ابھی دو دن اگر ٹھہرے

فروغ خورشید انور سے فروغ روئے تابان ہے
نگہ کیونکر وفور حسن سے رخسار پر ٹھہرے

سنا ہے ترک غیروں سے کیا ہے ربط اوس بت نے
الٰہی جھوٹ بھی ہو گر تو یہ سچی خبر ٹھہرے

بنا ہر برگ عکس عارض روشن سے آئینہ
ہوا کہانی کو جب وہ باغ میں زیر شجر ٹھہرے

ہوا انصاف اچھا آپ کی سرکار عالی میں
خطا کی غیر نے مجرم ہم اے بیداد گر ٹھہرے

دل بیتاب کیونکر تاب لائے شعلۂ رخ کی
بتاؤ تو بھلا کس طرح پارہ آگ پر ٹھہرے

قیام و امن کی جا اس سرا میں غیر ممکن ہے
جو آئے ملک ہستی میں کہاں اونکی گذر ٹھہرے

یہ مچھلی سا تڑپتا ہے وہ بسمل بنا پھر کتا ہے
جو تم آکر گلے لگ جاؤ دل ٹھہرے جگر ٹھہرے

وہ ہم ہیں جو قدم سر کا نہ میدان تعشق میں سے
ہم دو کیف امتحان میں ہے بت بیداگر ٹھہرے

۳۵۵

طریق عشق کو اے نور ہم بھولے نہ وحشت میں
پھر سے صحرا سے تو جاکر در دلدار پر ٹھہرے

۹

صیاد پُر جفا کا یہ پیشہ چمن میں ہے
بلبل اسیر دام ہمیشہ چمن میں ہے

فرہاد کی طرح سر بلبل کے واسطے
شاخ نہال خشک کا تیشہ چمن میں ہے

کنج قفس دکھائے نہ صیاد پُر جفا
دھڑکا یہ بلبلوں کو ہمیشہ چمن میں ہے

اے بلبلو بہار ہے بے ثبات ہے
باد خزان کا خوف ہمیشہ چمن میں ہے

بلبل سا بدنصیب نہ ہوگا جہان میں
تکلیف دام اسکو ہمیشہ چمن میں ہے

سر سبز گل جو مثل تھی بے برگ آج ہیں
اے دل خزاں بہار ہمیشہ چمن میں ہے

صیاد آشیان سے اوجاڑ کے ہی ہوگا یا
ہر عندلیب کا رگ و ریشہ چمن میں ہے

شبنم کو جو گذر میں اوس گل تر سے ہوا مقیم
عقل نے کہا کہ شیر کا بیشہ چمن میں ہے

۳۵۶

ابرو کا عکس ہے رخ شیریں جمال میں
یا نور کوہکن کا یہ تیشہ چمن میں ہے

۱۵

مٹی دینے کو نہ جب وہ بت شیریں آئے
جین میت کو مرے کیا نہ مدفن آئے

ملکہ پھر دامنوں میں مٹی سے گلشن آئے
پھر اوڑا نے کو وہ رنگ گل سو سن آئے

کب لیا بوسہ رخسارہ گلگون مین نے
مجھپہ فقرا یہ بنا اسے بت پرفن آئے

بلبلین چہکین ابھی باغ مین دہلی ہو بہار
سیر گلشن کو جو وہ غیرت گلشن آئے

قتل گہ مین جو کیا ہمکو طلب قاتل نے
یہ شمشیر چمکاتے ہوے گردن آئے

ٹہر ٹہر اکر کہا یا حیدر صفدر مدد دے
جب نظر مجکو فرشتے تہ مدفن آئے

سوختہ بخت وہ ہون نام جو یون دانے کا
برق گردون سے تڑپ کر سوی خرمن آئے

پہر جمائین لب نازک پہ وہ مسی کی دہڑی
پہر بدخشان مین بہار گل سوسن آئے

طائر باغ جنان عشق سہی قامت مین
شاخ طوبا پہ بنانے کو نشیمن آئے

آمد موسم گل مین جو ہوا مجکو جنون
لیکے حداد وہین زیور آہن آئے

آمد فصل بہاری جو سنے گلشن مین
کیا چہکتے ہوے مرغان نوا زن آئے

زلف کے بعد پڑی آنکھ رخ روشن پر
ہم ختن سے جو پہرے وادی ایمن آئے

نور کی شمع سر طور پہ گلکاری ہے
بازو نو شیر وہ نہین باندہ کی جوشن آئے

ڈہکر مین ہلگئی حسرت سے نسیم سحری
صبح دم وہ جو اوڑاتے ہوے توسن آئے

وصل مین مین نے جو چہیڑا تو بگڑ کر بولے
تم بھی ای نور مری جان کو دشمن آئے

وصل مین نالہ و فریاد و فغان بھول گئے
عیش مین رنج ہم ای راحت جان بھول گئے

منتین سنکے تم ای جان جہان بھول گئے
سر جہکا کر وہ لگے کہنے کہ ہان بھول گئے

داستان سنکے مری عشق کی یہ محو ہوے
قصہ گو قصۂ الفت کا بیان بھول گئے

جب تری مانی و بہزاد نے کہینچی تصویر
یہ اوڑے ہوش کہ اور دہان بھول گئے

محو الفت نہ جہان مین کوئی ہمسا ہوگا
دل ہمین دیکے ہم ای جان جہان بھول گئے

لطمے سنے یہ جوانون کی اوڑی اوسان
بیخودی مین کرم پیر مغان بھول گئے

اونکی تکبیر سے یہ محو ہوے وقت سحر
نوبتی نوبتین کیا مرغ اذان بھول گئے

کہتے ہو مین تری صورت سی بہی آگاہ نہین
چار ہی دن مین تم ای جان جہان بھول گئے

تہا یقین دیکہین گے پہر سبزۂ عارض کی بہار
وہ زمرد کی انگوٹھی ہمو بہیان بھول گئے

ہجر مین کثرت افکار سے نسیان یہ بڑہا
نامہ بر ٹہرا تو ہم گہر کا نشان بھول گئے

خال ابرو ہے ترا ہوش ربا کس درجہ
یکقلم تیز بری زاغ کمان بھول گئے

یاد مطلق نہ رہی وصل مین تکلیف فراق
ہے چین مین ہم ستم و جور بتان بھول گئے

اب تو کچھ اور ہی انداز کی تقریرین ہین
صبح کے ہوتے ہی وہ شب کا بیان بھول گئے

وہ حسین تو ہے کہ ہم دیکھکے تیری صورت
یوسف مصر کو ایجان جہان بھول گئے

فاتحہ کے لیے کیا خاک سر قبر آتے
تربت عاشق بیکس کا نشان بھول گئے

ہم سا عالم مین نہوگا کوئی گم کردہ حواس
یہ نہین یاد کہ ہم دل کو کہان بھول گئے

۳۵۱ نور کہنے لگے اشعار وہ میرے سنکر
حسن بندش کے سوا لطف زبان بھول گئے ۱۹

ظلمت زلف جنون خیز ہے اوس مہرو کی
ہوش پران کیے دیتی ہے مہک گیسو کی

شعلہ ور رنگ حنائی جو ہوا ہاتھون مین
مچھلی بن جائیگی اے بحر کرم بازو کی

چشم و گیسو کا انہین میری طرح سودا ہے
وحشت آگین ہو نہ کیون آنکھ ہر اک آہو کی

ذرے افشان کے چمکتے ہین ستارون کیطرح
روشنی ہے شب ظلمت مین غضب گیسو کی

اے جنون کیون نہو مجموعۂ خاطر برہم
آج چلتی ہے پریشان ہوا گیسو کی

تازہ مضمون کمر ہاتھ نہین آنے کا
دل کو رہتی ہے عبث فکر نئے پہلو کی

قرب عارض نہین ملتی ہے ہوا سے زلفین
آندھی کعبہ سے یہ اوٹھی ہے سیہ گیسو کی

اشک گرم اپنے کسی دن جو حرارا لائے
پردے آنکھون کے جلادیگی تپش آنسو کی

نور کے سانچے مین ہر عضو ڈھلا ہے اونکا
زنگ آئینہ کو کرتی ہے صفا زانو کی

شب کو سلک در دندان کا تصور جو بندھا
تا سحر ٹوٹی نہ آنکھون سے لڑی آنسو کی

دہن تنگ اگر غنچۂ سربستہ ہے
صاف بینی مین شباہت ہے گل شبو کی

سحر سے کم نہین عشاق کو تزئین اونکی
سرمہ آنکھون مین دیا موٹھ چلی جادو کی

سرمہ دینے سے نہین اشک بھی گالو نہی
چمن حسن مین پیدا ہوئی شاخ آہو کی

درد سر نکہت کاکل سے ہوا ہے پیدا
عطر گل سے بھی سوا تیز ہے بو گیسو کی

طاق محراب حرم مین ہین چڑہاون چلے
مجکو مل جائے اگر کوئی کمان ابرو کی

ایک موذی ہو تو کچھ ڈر ہکی مین کیلون بھوجنگون
زلف مین سانپ کی اب رہتی ہی جو جو کی

عکس رخسارۂ انور مین نہین ہاتھون کا
مچھلیان چشمۂ خورشید مین ہین بازو کی

چشم جانان کو چھلاوا جو کہون زیبا ہے
شوخیان نرگسی آنکھون مین ہین ہست آہو کی

۳۵۹ بارش اشک کی کثرت یہ شب ہجر رہی
تھمی تا بہ سحر نور جھڑی آنسو کی ۱۷

ہوا سے آتش گل کا عیان شعلہ بھڑکتا ہے
قفس مین داغ بلبل صورت لالہ دہکتا ہے

وہ یوسف ہو کس غیرت کا دل جسپر شہد ٹپکتا ہے
زلیخا کیا کہ آئینہ بھی حیرت سے تکتا ہے

اٹھا دیتے ہین ہم زر ریزی مین پر سکے ٹھیکرون کی شب و ملت
دو شیشہ دیکھا شیشی مین اگر اونکا سکتا ہے

نہ کیونکر مے پرستی سے کرون توبہ ضعیفی مین
لبالب جام ہستی کا ہی کوئی دم مین چھلکتا ہے

لگائی آگ قصر تن مین میرے گرم آہون نے
جگر بھنکتا ہے انگاری کی صورت دل دہکتا ہے

جو برتر تیرا تاک ہم وہ بادہ نوشی کرتے ہین باہم
دل حاسد برنگ دانۂ انگور پکتا ہے

تمہارا قہقہہ اے غیرت گل یاد آتا ہے
مین ڈاڑھین مار کر روتا ہون جب غنچہ چٹکتا ہے

نزاکت سے میان یار کے ڈر مجکو رہتا ہے
وہ جب اوٹھتی ہین تب بند کمر اونکا چٹکتا ہے

وہ گل گلگشت مین کہتا ہے کس نازک دماغی سے
طپنچہ سر پہ چلتا ہے اگر غنچہ چٹکتا ہے

قیامت کیا جو بھولا کوچۂ گیسو کی راہون کو
ہر اک رہبر و شب تاریک مین رستہ بھٹکتا ہے

ہماری جان پر بنتی ہے دلکی بیقراری سے
جو دم بھر کے لیے پہلو سے وہ دلبر سرکتا ہے

مرے ہوتے ہوئے دیتا ہے جام اوروں کو بھر بھر کر
تماشا ہے کہ ساقی ہوشیاری مین بہکتا ہے

پہونچنا سہل ہے عشق مجازی سے حقیقت تک
یہ وہ دشوار رستہ ہے کہ سالک بھی ٹھٹکتا ہے

جو رونے مین تصور باندھتا ہون لعل جانان کا
تو اشک خون برنگ لالہ آنکھون سے ٹپکتا ہے

کلیجے مین تپک ایجان ہجر رہ کی ہوتی ہے
جگر کیا دل بھی پھوڑے کی طرح پہلو مین پکتا ہے

نظر آتی نہین ہے خیر ای رب جان عاشق کی
خدا شاہد ہے دلمین درد رہ رہ کر چمکتا ہے

۳۶

جو قصہ چھیڑتا ہون زلف کا جھنجلا کے کہتے ہین
تجھے سودا ہے کیا ای نور آپ ہی آپ بکتا ہے

۱۵

سختیان سہنے کا تب ہو متحمل کوئی
اے بتو رکھتا ہو پتھر کا اگر دل کوئی

رونق افروز جو وہ شمع شبستان ہوگا
شکل پروانہ جلے گا سر محفل کوئی

برہمن دیر مین کعبہ مین ہین ہم سر بسجود
بندگی سے تری بندہ نہین غافل کوئی

اے مسافر یہ خطرناک بہت ہی رستہ
منزل گور سے بڑھکر نہین منزل کوئی

تنگ کا کوچۂ گیسو سے لگا ہے پہرا
کالے کوسون تو نہین عشق کی منزل کوئی

ناتوانی مین ہوا موئے کمر کا سودا
رگ گل کی مجھے پہنائے سلاسل کوئی

تھوکتا ہون مین لہو شدت تپ فرقت سے
مرض دق کوئی سمجھا ہے اسے سل کوئی

زمزمے سنکے مرے ہنسکے وہ گل کہنے لگا
بات میں کرتا ہے تقلید عنادل کوئی

دم گلگشت چمن میں جو چلو ناز کی چال
پس نہ جائے کہیں مہندی کی طرح دل کوئی

اسقدر اسکے تڑپنے سے ہیں تنگ آئے ہوئے
مفت دے دیوے ابھی مانگے جو مرا دل کوئی

آئینہ جان کے لیں مول حسینان جہان
چوک میں بیچنے جائے جو مرا دل کوئی

عشق ابرو میں ہے یہ شوق شہادت دلکو
ڈھونڈھتا پھرتا ہوں ملتا نہیں قاتل کوئی

حور و غلمان ہو پری ہو کہ اجی یوسف ہو
چار حد میں تو نہیں تیرے مقابل کوئی

اک فدا ناقہ کو اے غیرت لیلی ٹھہرا
دیر سے خاک بسر ہے پس محمل کوئی

٣٦١

میرے دم تک ہے فقط شہرت حسن جانان
نور پھر ہوگا مرے بعد نہ مائل کوئی

ی

شگفتہ دل ہے نسیم بہار چلتی ہے
چمن میں آج ہوا خوشگوار چلتی ہے

بگاڑ پر ہے مقدر بنا و مشکل ہے
کہ کوئی فکر نہ تدبیر یار چلتی ہے

دم اخیر تو ٹھہرو ذرا چلے جانا
ابھی تو سانس مری اے نگار چلتی ہے

وہ گالی جھوٹے یہ دیتے ہیں گالیاں لاکھون
ہمارا ہاتھ نہ زبان نگار چلتی ہے

دماغ کیون نہ معطر ہو صورت نافہ
ہوائے گیسوئے مشک تتار چلتی ہے

ہزاروں جنبش ابرو سے ہوتے ہیں کشتہ
تمہارے کوچہ میں تلوار یار چلتی ہے

ہیں دور ساقی میں بیہوش اک ہیں محروم
شراب غیر سے تو بار بار چلتی ہے

تمہاری شکل سے کرتی ہے ناز کیا یہ بھی
جو تیغ حلق پہ رک رک کے یار چلتی ہے

پسے گا صورت برگ حنا دل عاشق
خرام ناز نسیم بہار چلتی ہے

نگاہ کے سرمہ جو دیتے ہو چشم کو گردش
مرے گلے پہ چھری آبدار چلتی ہے

نہ کس طرح دم تقریر دل کے پرزے ہوں
زبان صورت مقراض یار چلتی ہے

قمار خانہ دنیا غضب کی چوسر ہے
کسیکی چال نہیں زینہار چلتی ہے

٣٦٢

نگہ جو نور وہ لڑنے میں پھیر لیتے ہیں
جگر پہ برچھی دم کارزار چلتی ہے

ہ

خوش رہیے آپ کو جو محبت نہیں رہی
ہنسنے کی بھی کچھ اب وہ طبیعت نہیں رہی

آئینہ اونکا ٹوٹ گیا میرے ہاتھ سے
اب کوئی منہ دکھانے کی صورت نہیں رہی

بس بس نہ میرے لب سے لب ابھی ملائیے
منہ پھیر لیا بھلا کی یہ رغبت نہین رہی

غیرون کے پاس بیٹھ کے تم بھی بگڑ گئے
ہرگز وہ آنکھہ آپ کی حضرت نہین رہی

٣٦٣ — ١٥

ٹکتی کسیطرح بھی نہین کور آنکھہ یار کی
اگلی سی اب وہ چشم عنایت نہین رہی

سنتے ہی چپ نغمۂ دل رہ گئے
کھول کر سینہ کو عنادل رہ گئے

اوسنے جو عشاق چہانٹے بہر قتل
دیکھکر ہم روسے قاتل رہ گئے

کھیلتی جو سر تو پہر جاتے نہ وہ
حال ہم اے حضرت دل رہ گئے

اک زمانے کو کیا اوسنے شہید
جان بلب کچھ نیم بسمل رہ گئے

وہ پری رو جب نظر آیا ہمین
تہام کر ہاتھون سے بس دل رہ گئے

داستان عشق ہمنے ختم کی
پڑھ کے بسم اللہ بسمل رہ گئے

گور کی بستی بسائی بعد مرگ
ہو چکی جب ختم منزل رہ گئے

ہمنے وہ کڑیان اوٹھائین عشق مین
کٹ کٹا کر دانت قاتل رہ گئے

خال کے نقطے گئے گو خط کے ساتھ
اوسپہ بھی دو آنکھہ کے تل رہ گئے

ضعف نے یہ پاؤن پکڑے دشت مین
چلکے ہم دو چار منزل رہ گئے

دیکھکر میرا تڑپنا بزم مین
آہین بھر کر اہل محفل رہ گئے

کونسی سیفی پڑی تھی وقت قتل
تولکر تلوار قاتل رہ گئے

کر لیا یارون کا ہمنے امتحان
جب ہوئے درپیش مشکل رہ گئے

جب نہ دی خیرات اوسنے حسن کی
ہاتھ کو پھیلا کے سائل رہ گئے

٣٦٤ — ١٣

نوحہ بہر گل مین وہ نالے کیے
نغمہ سنجی مین عنادل رہ گئے

نہین معلوم کیا بغض و حسد کا فیصلا ٹھہرے
مری تقصیر ثابت ہو کہ غیرونکی خطا ٹھہرے

جنون کم ہو مزاج اپنا ابھی اصلاح پر آئے
جو فصل گل مین دم بھر زلف جانان کی ہوا ٹھہرے

لیا بوسہ تو صحت ہو گئی درد جدائی سے
تمہارے خال عارض اے حسین حب شفا ٹھہرے

نسیم صبح کا جھونکا تھا آنا یار کا اے دل
اگر دم بھر مرے پہلو مین وہ ٹھہرے تو کیا ٹھہرے

تڑپتا ہون برنگ مرغ بسمل بستر غم پر
جو تم پہلو سے لگ بیٹھو تو درد دل ذرا ٹھہرے

بھلا کس طرح بھٹکے کوچۂ گیسو کی دل راہین / کہ خضر شوق راہ عشق مین جب رہنما ٹھہرے
نہ پوری بات کی مجھسے نہ میرا حال کچھ پوچھا / جو وہ آئے تو کیا آئے جو وہ ٹھہرے تو کیا ٹھہرے
کیا کرتے ہین سجدے کیون برہمن روبرو اونکے / معاذ اللہ بت تیہر گئے کیا ٹھہرے خدا ٹھہرے
ابھی سر بیچ کر لین مول بازار محبت مین / کہ سستا زلف کا سودا جو ای یوسف لقا ٹھہرے
جو وہ جور و جفا کرتے ہین ہم پر دل مین کہتے ہین / جو دوہرائین کسی سے حال اونکا تو گلا ٹھہرے
ہتیلی صورت آئینہ ایسی ہے صفا اونکی / بھلا کیا دخل وہم بھر ہاتھ مین رنگ حنا ٹھہرے
پیام وصل مین نے اوس پری پیکر کو بھیجا ہے / مری تشویش اسکی ہی نہین معلوم کیا ٹھہرے

۳۶۵ — ۱۲
شروع عشق مین اے نور اک سودے کا عالم ہے
خدا جانے کہ اس آغاز کا انجام کیا ٹھہرے

شب درد و غم یون بسر ہو گئی / تڑپتے تڑپتے سحر ہو گئی
مرا دل جو دھڑکا وہ کہنے لگے / گجر بج رہا ہے سحر ہو گئی
بگڑ کر شب وصل کروٹ جو لے / مناتے مناتے سحر ہو گئی
نہ کہتے کیا راز الفت کو فاش / مرے دل کی اونکو خبر ہو گئی
رہا مبتلائے غم ہجر یار / مصیبت مین اپنی بسر ہو گئی
جو آئینہ مین حسن پر کی نگاہ / تو خود اونپہ اونکی نظر ہو گئی
شب ہجر مین یہ تمنا رہی / کہے کوئی آکر سحر ہو گئی
ہوئی شام بکھرے جو چوٹی کے بال / ہٹی زلف رخ سے سحر ہو گئی
شب وصل گھبرا کے کہنے لگے / اذان ہو رہی ہے سحر ہو گئی
شب وصل رنگت مری فق ہوئی / کہا جب کسی نے سحر ہو گئی
جو گنجہ ہوائی چوٹی شب وصل مین / نزاکت سے دوہری کمر ہو گئی

۳۶۶ — ۱۱
ہوے بال غفلت مین سر کے سفید
اوٹھو نور جاگو سحر ہو گئی

نظارے ہونگے جی بھر کے رخ لیلےٰ شمائل کے / اولٹ دیگی ہوا سے آہ مجنون پردے محمل کے
حضور روے روشن کیا فروغ اپنا دکھائیگی / دھوئین اکھڑن اوڑا دونگا مین جلکر شمع محفل کے
نگہ چاہ زنخدان ہے کہ گیسو [illegible] / بنی ہین تیلیان گویا فرشتے چاہ بابل کے

اثر ہے بعد فنا دلسوزی عاشق دکھاتی ہے
سلگتے ہیں سر پروانہ آنسو شمع محفل کے

کیا سنگ جفا سے کسنے چکنا چور حیران ہوں
کھٹکتے ہیں مری پہلو میں ٹکڑے شیشہ دل کے

جھکا رہتا ہے سر قدموں پہ زور ناتوانی سے
نمی ہیں طوق گردن گے یہ حلقے سلاسل کے

لگی مسی چھڑانے صبح دم جو دست نازک سے
بنے داغ نگینے یار کے یاقوت لب جل کے

مئے انگور کی خواہش اگر ہے بادہ خواروں کو
تو ہر میکشی حاضر ہیں میرے آبلے دل کے

تمہیں نے خانہ آباد عاشق مفت لوٹا ہے
تمہیں باعث ہوئے ہو جان من بربادی دل کے

برنگ مرغ بسمل تا سحر تڑپا ہوں بستر پر
مزے ہوئے جگر نے رات بھر بیتابی دل کے

ادائے ناز نے غمزے نے عشوے نے کرشمے نے
انہیں دو تین نے بیجرم مارا ہی مجھے بل کے

معمائے دہن کے مرحلے باتوں ہی میں ہونگے
کھلیں گے ناخن تدبیر سے عقدے ہی مشکل کے

نقاب اوٹھی کسی شب رخ سے گروہ غیرت یوسف
ابھی ہو جائیں ٹھنڈے نور شہر یا ماہ کامل کے

١٥ — ٣٦٧

جو برہم کر اوسنے تیوری کردی تو ٹکڑے ہیں مرے دل کے
کھلے چلنے سے جوہر خنجر ابروی قاتل کے

تہی دستان قسمت کو عبث ہے خواہش دنیا
ہمیشہ زر سے خالی ہاتھ پائے ہمنے سائل کے

نگاہ ناز ہی سے عاشقوں کو قتل کر ڈالا
تفنگ و تیر و سنگ و خشت کب تھے پاس بسمل کے

خدا نے آبرو رکھ لی بڑا احسان ہے اوسکا
شہیدوں میں ہوئے مشہور کشتے تیغ قاتل کے

دم آخر دیا الفت نے خاک روح کو صدمہ
جو دیکھا نزع میں مجکو لگے رونے گلے مل کے

نہیں ہے سبزہ عارض کا پرتو چشم جاناں میں
خضر کے ہاتھ میں دو جام ہیں زہر ہلاہل کے

تصدق حسن روز افزوں پہ افزوں ہے دل اپنا
تدرو آسا پھرا کرتا ہوں گرد اوس ماہ کامل کے

ہوا پابند زلف عنبریں اے دل مضطر
اسیروں کے پاے لاغر ہیں کہاں پھندے سلاسل کے

لٹا کر قبر میں مردہ مرا رو کر لگے کہنے
نہ کیونکر بیخبر سوئیں تھکے ماندے ہیں منزل کے

رکی جو چلتے چلتے ناز سے حلق بریدہ پر
دہان زخم سے بوسے لیے شمشیر قاتل کے

کیا خالق نے جامہ قطع مجھ پر خاکساری کا
جدا ہوتے ہی دھڑ سے سر گرا قدموں پہ قاتل کے

ہوئی کم سوزش داغ جدائی بادہ خواری سے
مئے انگور کے پیتے ہی پھوٹے آبلے دل کے

ہوا سامان جشن عید قرباں گھر میں غیروں کے
کیا کشتہ مجھے جو تیغ قاتل نے گلے مل کے

ملا تب ایک بوسہ ساقی مے نوش کے لب کا
بنائے کاسہ گر نے جبکہ پیمانے مری گل کے

٣٦٨ — ١٣

پھر پیرا انور سمجھا میں نشان فوج وحشت کا
اسر پہر خار پر جو آبلوں سے رہ گئی چھل کے

وہ آئیں کے نگاہ شوق اونکی راہ تکتی ہے
بیاں تو دل پھڑکتا ہے زباں بلبل پھڑکتی ہے

خدا محفوظ رکھے صدمۂ درد جدائی سے
کہ بائیں آنکھ میری آج رہ رہ کر پھڑکتی ہے

وہاں بکھرا رہی ہیں بال وہ چوٹی کے شانے پر
یہاں بازو کی مچھلی صید کی خاطر پھڑکتی ہے

سوا جوبن ہوا اونکا مسی کے لگانے سے
وہ کیا ہنستے ہیں گویا ابر میں بجلی چمکتی ہے

مال کار کی کر فکر کیا مصروف زینت ہے
لحد کھودے ہوئی آغوش ہے منہ موت تکتی ہے

جو بوسہ مانگتا ہوں ہونٹ کا منہ کر وہ کہتے ہیں
تماشا ہے زباں لے دے ہے تیری یا بہکتی ہے

پھڑک کر آتش گل نے جلایا عندلیبوں کو
یہ شمع حسن پروانوں کی جانب خود لپکتی ہے

جو اک بوسہ وہیں حاصل ہو مزا قند مکرر کا
کہ ان شیریں لبوں پر بال حسرت سے ٹپکتی ہے

خلش مژگان جاناں کی یہی عاشق قیامت ہے
پیا دم سے پھانس جو دل میں مری ہر دم کھٹکتی ہے

خدا کیوا سطے اولٹو نقاب اپنا ان چہرے سے
تمہارے دیکھنے کو روح قالب میں پھڑکتی ہے

خدا جانے نظر کسکی لگی ہے چشم جاناں کو
وہ کہتے ہیں کہ میری آنکھ مچھ کل سے کھٹکتی ہے

جو میں چمٹا گلے سے وہ خفا ہو کر لگے کہنے
مجھے چھوڑو ہٹو سر کو مری انگیا مسکتی ہے

٣٦٩ — ١٤

لچک کر پانیچے جب ناز سے وہ نور چلتے ہیں
نزاکت کے سبب کیا کیا کمر اونکی لچکتی ہے

پری ابن بن کے بیٹھا ئے دل ناکام میں آئے
کیے سو پیچ جب یہ چوٹی والے دام میں آئے

ضیائے رخ جو پڑ کر زلف عنبر فام میں آئے
چراغ منتظر دن کو دیار شام میں آئے

ستو گلشن تلاش ساقی گلفام میں آئے
کھلے دل کا کنول گر گلبدن بھر جام میں آئے

جو بوسہ دو کسی دن مجکو اپنی میٹھی آنکھوں کا
کبھی تلخی نہ اس شکر نبی یا دام میں آئے

یقیں دل کو ہوا برج قمر میں آفتاب آیا
نہانے کو جو وہ وقت سحر حمام میں آئے

فراق غیرت مہ میں گر دن گر زور سے نالے
زمیں کیا زلزلہ اس چرخ نیلی فام میں آئے

جو ہو نکوں صبح بر نالہ کو تو برپا اک قیامت ہو
لحد کے سونے والونکی خلل آرام میں آئے

دم آخر دیا صدمہ دکھا کر شکل نورانی
عیادت کے لیے وہ نزع کے ہنگام میں آئے

مفصل حال بیتابی دل کیونکر لکھوں خط میں
خدا جانے کہ کیا ذہن بہت خود کام میں آئے

دوپٹہ تان کر جو شام سے وہ بے خبر سوئے
ہزاروں وسوسہ میرے دل ناکام میں آئے

دل پر داغ لیکر کوچۂ گیسو میں ہم ہو لیے
جلا کر مشعل حسرت دیار شام میں آئے

جو ساقی کو کسی دن اپنا جوش جذب دکھلاؤں
تو شیشے سے لبالب اوڈھلکے مے کھچکر جام میں آئے

کسی کی گیسوئے مشکین کا یہ سودا چڑھا سر پر
ختن میں ہم خیال زلف عنبر فام میں آئے

تپ فرقت کی میں نے ایسی تکلیفیں اٹھائی ہیں
جو نام عشق لوں لرزہ مری اندام میں آئے

محبت کا وہ سودا ہے کہ یوسف سا حسیں بیدل
سر بازار بکنے کو ہجوم عام میں آئے

دیا بوسہ نکوئی پارچہ پہنے کفن ہمکو
عدم سے ہم امید خلعت و انعام میں آئے

۱۰

پھنسا کر حلقۂ گیسو میں بو سے طائر دل کو
بڑے پیچوں سے تم اے نور میرے دام میں آئے

۱۱

اگر تیرے دل صیاد نا فرجام میں آئے
وہ چھپا کر ہاتھ پھر باندھ کی مچھلی دام میں آئے

مصائب پیش کیا کیا گردش ایام میں آئے
کسی کے پیچ میں آئے کسی کے دام میں آئے

فلک جب مثل آب چاہ چشم عام میں آئے
عجب کیا یوں بلند ہو کر آفتاب اس جام میں آئے

قبائے نیلگوں کیا ٹھیک سر اندام میں آئے
اگر ہیبت اٹھی تیری صمصام میں آئے

وہ غمگین ہیں ازل سے ہم کہ پیدا ہوتی ہی رو دیے
یہ کسکا سوگ لیکر چرخ نیلی فام میں آئے

تری چشم غضب آلود سے انکھیں چراتا ہوں
کہ میٹھا زہر ہے تلخی جو اس بادام میں آئے

قیامت لاگ ہے خورشید سے ان کی حسینوں کو
جو وہ میزان میں آیا تو یہ حمام میں آئے

علی اشعر کا بھی نام ہے نام علی بھی ہے
علی مسجد میں آئے خانۂ ہمنام میں آئے

تلاوت مصحف رخسار کی حاجت روا کر دے
جو یہ صورت خیال عاشق ناکام میں آئے

بنا کر خط ابھی رخسار کو صاف آئینہ کر دے
یہ باغ سبز کیونکر قبضۂ حجام میں آئے

۱۲

قیامت کیوں نہ برپا نور ہو زنجیر کے غل سے
جو رشک آفتاب صبح محشر شام میں آئے

۱۳

ہے دل عاشق تجلی گاہ تیرے نور سے
کم نہیں ہے شعلۂ رخسار برق طور سے

تو وہ میکش ہے جو تاکے دیدۂ مخمور سے
مے ابھی گلشن میں ٹپکی دانۂ انگور سے

کیوں مری جانب سے منہ پھیرے ہوئے بیٹھے ہو تم
بے رخی لازم نہیں ہے عاشق رنجور سے

یاس رعب حسن ہے اور اس سے کہہ جا سکتے نہیں
دل تڑپتا ہے تو کرتے ہیں اظہار سے دور سے

خاک کر ڈالا جلا کر شعلہ رویوں نے مجھے
کیون دھوان اوٹھے نہ رہ رہ کر دل مغرور سے

بے سبب لکھو نہین بنت العنب کی تاک جہان تک
آسلے ہو بیٹھینگے دل ہمکے بادۂ انگور سے

بیخبر کیون پاؤن پھیلا کر نہ سوئے قبر مین
خستہ ہوتا ہی جب آتا ہے مسافر دور سے

بوجھتے کیا ہو کٹی کیونکر شب تار فراق
بن گئی دم بر درازی شب دیجور سے

اے پری کچھ غم نہین مرنے کا جنت مین بھی ہم
دل سلامت ہی تو کرینگے محبت حور سے

کیا گنہ مینے کیا تقصیر کیا مجھسے ہوئی
کرتے ہو بیکار رنجش عاشق رنجور سے

سوف زخمون مین بھرا ہی یار کی موباف کا
آ رہی ہی مشک کی بو زخم کے انگور سے

ہم وہ ہین بے شغل جنت مین بھی رہنے کی نہین
ای پری پر دوستی پیدا کرینگے خور سے

۳/۲۰ — بیکر دست ساقی کوثر سے اک جام شراب
نور جنت مین اوڑائینگے مزے ہم حور سے — ۱۳

سینکیے آنکھین چراغ عارض پرنور سے
ٹھنڈا دل سوزان کو شمع طور سے

داغ حسرت ہی گل خورشید تیرے نور سے
ہوگیا دل کا کنول روشن چراغ طور سے

شکل کا مشتاق ہون مین لن ترانی تا کجا
مثل موسے مجکو بھی صورت دکھاو دور سے

عکس حسن روے جانان مین ہی تجلی کی تڑپ
چاند شرمائے نہ کیونکر عارض پرنور سے

استخوان سرمہ کفن بوسیدہ بستر خاک ہے
یہ صدا آتی ہے قبر قیصر و فغفور سے

سو رہا ہے زاہد مکار کا عالم مرید
راست کہتے ہین کہ ہاتھ آتی ہی دنیا زور سے

مرگ کی لذت تڑپنے سے زبان پر آگئی
درد فرقت کا مزا پوچھو دل مہجور سے

جل رہا ہے آتش فرقت سے قصر تن تمام
شعلے آہون کے نکلتے ہین دل محرور سے

شوق نظارہ مین آنکھین بصنم تہرا گئین
یاس اگر آتے نہین صورت دکھا دو دور سے

ابر مین قوس قزح کا جھاف دکھو شاخ سا ہوا
مانگ کو اپنی بجا دو اس بت نے بھر اسپید ور سے

تو وہ ہی گو ہی میان پردۂ ہفت آسمان
حسن چھپتا ہی نقاب عارض پرنور سے

تیر سا نظارے کو آنکھو مین بصارت چاہیے
کیا تجھے دیکھیگی نرگس دیدۂ بے نور سے

۳/۲۳ — نور پڑھا اس غزل کو محفل فردوس مین
داد لینگے ہم جناب ناسخ مغفور سے — ۲۱

کسطرح راہ حقیقت کو بھلا دل ہو سکے
جو کہ سالک ہو وہ کیا عشق کی منزل ہوسکے

دخل کیا رنگ رخ حور شمائل ہوے
کیا بہار چمن عشق عنادل ہوے

ہمسا عالم میں نہوگا کوئی گم کردہ حواس
مطلقاً یاد نہیں ہم کو کہاں دل ہوے

کوچۂ عشق ہے وہ بھول بھلیان ایدل
حضرت عشق بھی رستہ کبھی منزل ہوے

گوش گل میں جو صدا آہ و فغان کی پہونچی
سنکے نالے مری فریاد عنادل ہوے

فائدہ زر سے ہوا خاک گلہ دن کو حاصل
مال دنیا یہ ہیں کیون شمع غافل ہوے

مین نے اوس سے جو کہا عشق میں بیدل ہوں میں
ہنس کے کہنے لگے بتلاؤ کہاں دل ہوے

تیکو ہی ہے سپر حفظ خدا ہر غم سے
آبداری یہ نہ شمشیر کے قاتل ہوے

یاد ہیں فقرہ مکتوب محبت ہمکو
یہ سبق وہ نہیں پڑھکر جسے ایدل ہوے

دیکھہ ڈرا ہے ہیں ان آنکھوں سے ہزاروں ہیں جبین
حسن پر اپنے نہ وہ حور شمائل ہوے

ڈر یہ ہے مجمع مشتاق شہادت سے مجھے
ذبح کے دم نہ مجھے بھیڑ میں قاتل ہوے

تو وہی چودھوین کا چاند فلک پر یار
دیکھکر تجھکو فروغ مہ کامل ہوے

ابھی کم سن ہیں پشیمان کا یہ عالم ہے
ڈھونڈنا یاد جو آیا تو حمائل ہوے

مین وہ ہون زمزمہ پرداز کہ میری آ کے
باغ میں نغمہ سرائی کو عنادل ہوے

چہکے جیتی جو نہ ہم گھر سے نکلنے دیتے
چال بازی اگر عالم میں یہ ایدل ہوے

کہتے ہو یاد نہیں مین نے کہاں دیکھا تھا
چار ہی دن میں تم اے حور شمائل ہوے

گالیان دینے لگے وہ ہیں بے حد و حساب
گنتی بوسون کی شب وصل جو ایدل ہوے

آج ہم قائم و سنجاب توکل بستر خاک
اپنی انسان حقیقت کو نہ ایدل ہوے

جوش دیوانگی کا یاد دلا ہے اوسکو
اپنے مجنون کو اگر صاحب محمل ہوے

یہ سرا وہ ہے کہ جسمیں [illegible] مقام
منزل گور کو کیا رہرو منزل ہوے

۱۵ سامنا نور بلاؤں کا رہا ہے برسوں
کوچۂ گیسوئے محبوب کو کیا دل ہوے ۳۷۴

سایا ہی زلف یار کا بار گران سے مجھے
کر دیگا کل عدم غم ہوے میان سے مجھے

ڈر دل کا ہو درون یہ نکیونکر گمان مجھے
بے یار بہار سے کہاتا ہے خالی مکان مجھے

لطف شراب ناب ہے فصل بہار میں
ترغیب دے رہا ہے یہ پیر مغان مجھے

ابکی دہائی تھی نہ گردش تقدیر کی خبر
پیسے گا آسیا کی طرح آسمان سے مجھے

عاشق کی قدر تھا کہ وہ یوسف لقا کری
سمجھا ہوا ہے گرد رہِ کاروان مجھے

بکھرا کے بال چشمۂ عارض پہ وہ حسین
تڑپا رہا ہے صورت موج روان مجھے

جسکا پڑا ہے بوسۂ لب کا غضب ہوا
منہ کے کہین کہلائے نہ میری زبان مجھے

آگاہ رنج سے عدم آباد مین نہ تھا
تقدیر میری لائی کہان سے کہان مجھے

کیونکر شمال مین نہ پڑہی جائین میرے شعر
اہل زبان سمجھتے ہین اہل زبان مجھے

عشق کمر ہی ہے تو اک روز دیکھنا
کر دیگا چشم وہم گمان سے نہان مجھے

کہتا ہے سنکے نالۂ عاشق وہ تند خو
بھاتی نہین کسیکی یہ آہ و فغان مجھے

کس طرح نشہ ہو نہ ہرن میری آنکھ سے
نرگس کی یاد آتی ہین بدمستیان مجھے

حاصل ہی زندگی مین مزا اب فنا کا
